Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 | پیر، 30 اکتوبر 2023ء، 14 ربیع الثانی 1445ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 179

حماس کا اسرائیل کی جوہری تنصیبات پر راکٹ داغنے کا دعویٰ

فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس کے القسام بریگیڈ نے اسرائیل کی خفیہ جوہری تنصیبات کے علاقے پر راکٹ داغنے کا دعوی کیا ہے، اسرائیلی میڈیا کی تصدیق، ویڈیو وائرل

غزہ کا دنیا سے رابطہ بدستور منقطع ہے جبکہ ایلون مسک نے غزہ میں سیٹلائٹ کے ذریعے انٹرنیٹ سروس فراہم کردی ہے، شہادتوں کی مجموعی تعداد 7700 سے تجاوز کرگئیں

مسلم لیگ کی صدر شہباز شریف سے پی ٹی آئی کی سابق رکن قومی اسمبلی وجیہہ قمر ملاقات کررہی ہیں

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس کے القسام بریگیڈ نے اسرائیل کی خفیہ جوہری تنصیبات کے علاقے پر راکٹ داغنے کا دعوی کیا ہے۔ اسرائیلی میڈیا نے تصدیق کی ہے کہ فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس نے دیمونا میں راکٹ داغے ہیں تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ راکٹ حملے کے بعد ایریز اور نیتیو ہاسارا میں سائرن بجادیئے گئے ہیں۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر (ایکس) پر (بقیہ نمبر 31)

معروف عالم دین مولانا طارق جمیل کا بیٹا گولی لگنے سے جاں بحق

مولانا کی بیٹے کی موت کو حادثاتی قرار، سب سے دعائے مغفرت کی اپیل

خانیوال (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف عالم دین مولانا طارق جمیل کا بیٹا عاصم جمیل گولی لگنے سے جاں بحق ہوگیا۔ ڈی ایس پی میاں چنوں سلیم مارتھ کے مطابق عاصم جمیل نے اپنے سینے پر گولی مار کر خودکشی کی، انہیں تشویشناک حالت میں تلمبہ رورل ہیلتھ سنٹر پہنچایا گیا مگر وہ جانبر نہ ہوسکے۔ عاصم جمیل کی موت کی رورل ہیلتھ سینٹر کے ڈاکٹروں نے بھی تصدیق کردی۔ مولانا طارق جمیل نے اپنے ایکس (ٹوئٹر) پیغام میں بیٹے (بقیہ نمبر 41)

ترکیہ کیساتھ سٹریٹیجک تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کا عزم

مضبوط رابطے آنے والے برسوں میں دوطرفہ تعلقات آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کریں گے، انوار الحق کاکڑ

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے ترکیے کے ساتھ خصوصاً اقتصادی شعبے میں کثیر جہتی تذویراتی تعلقات مزید مضبوط بنانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ترکیے کے 100 ویں یوم (بقیہ نمبر 34)

پٹرول کی قیمت میں کمی کے باوجود مہنگائی کا جن بے قابو

اسلام آباد میں بھی اشیاء خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ برقرار، اتوار و سہولت بازاروں میں ریٹ قدرے

اسلام آباد / راولپنڈی (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود مہنگائی میں کمی نہ آسکی۔ جڑواں شہروں راولپنڈی اسلام آباد میں بھی اشیاء خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ برقرار، اتوار (بقیہ نمبر 33)

پاک ترک دوستی محبتوں کی بے مثال داستان ہے

محسن نقوی

ترکیہ اور پاکستان ایک دوسرے کی ہر مشکل گھڑی میں امداد اور تعاون کے لئے شانہ بشانہ کھڑے رہتے ہیں اور کھڑے رہیں گے

لاہور (اے ایف پی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے ترکیہ کے 100ویں قومی دن (ری پبلک ڈے) کے موقع پر پیغام میں کہا کہ پاک ترکیہ دوستی محبتوں کی بے مثال داستان ہے۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب نے اپنے (بقیہ نمبر 32)

جنرل ہسپتال میو ہسپتال کے اپ گریڈیشن کے کاموں نے بھی سپیڈ پکڑ لی

وزیراعلیٰ کا ہسپتالوں کا 3 گھنٹے طویل دورہ

ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن پراجیکٹس کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ، جنرل ہسپتال کے ایمرجنسی بلاک، اولڈ بلڈنگ کی اپ گریڈیشن کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا

اتاری گئی اشیا خصوصا اے سی، لائٹس، پنکھوں او ربیڈز کا ریکارڈ مرتب کرنے کا حکم، تمام آلات، اشیا کی انیونٹری تیار کرکے محفوظ جگہ پر سٹور کیا جائے

وزیراعلیٰ نے میو ہسپتال کے ایمرجنسی بلاک کی اپ گریڈیشن کی تعمیراتی سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا، آپریشن تھیٹرز، کنسلٹنٹ روم اور استقبالیہ ایریا کا معائنہ کیا

لاہور (این این آئی) جنرل ہسپتال اور میو ہسپتال کے اپ گریڈیشن کے کاموں نے بھی سپیڈ پکڑ لی۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے جنرل اور میو ہسپتال کا 3 گھنٹے طویل دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے دونوں ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن پراجیکٹس کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے جنرل ہسپتال کے ایمرجنسی بلاک اور اولڈ بلڈنگ کی اپ گریڈیشن کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی (بقیہ نمبر 37)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی میو ہسپتال کے دورے کے دوران تعمیراتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی ہسپتال کے دورے کے دوران ایک مریض کے دوران کے تیمارداری کا مسئلہ سن رہے ہیں

پی ٹی آئی کی سابق رکن قومی اسمبلی وجیہہ قمر کا مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سابق رکن قومی اسمبلی وجیہہ قمر نے پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ سابق وزیراعظم و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف (بقیہ نمبر 36)

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو سیاست چھوڑنے کا مشورہ

12 سے 14 سال کی بچیوں کو بریسٹ کینسر ہو رہا ہے، خاتون اول بیگم ثمینہ علوی

اسلام آباد (این این آئی) خاتون اول بیگم ثمینہ نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو سیاست چھوڑنے کا مشورہ دیدیا تاہم سیاست جاری رکھنے کی صورت میں بھرپور ساتھ دینے کا عزم ظاہر کیا۔ ایک انٹرویو میں خاتون اول بیگم ثمینہ نے کہا کہ اپنے شوہر سے کہتی تھی سیاست کو چھوڑیں تعلیم کیلئے کام کریں تاہم اگر صدر صاحب واپس سیاست (بقیہ نمبر 35)

وزیراعلیٰ محسن نقوی کی صوبائی وزرا کے ہمراہ الحمرا آمد

16 روزہ لہور لہورائے میلے کا افتتاح کردیا، لہور لہورائے کی پینٹنگز کی نمائش کا بھی افتتاح، شرکا کا پینٹنگز میں گہری دلچسپی کا اظہار

مصوروں کے فن کو سراہا وزیراعلیٰ محسن نقوی اور صوبائی وزرا نے لاہور آرٹس کونسل میں لہور لہورائے ثقافتی شو دیکھا اور عارفانہ کلام سنا

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پنجاب کابینہ کے ہمراہ الحمرا لاہور آرٹس کونسل میں 16 روزہ لہور لہورائے ثقافتی میلے کا افتتاح کردیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے لہور لہورائے کے عنوان سے پینٹنگز کی نمائش کا بھی افتتاح کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی اور شرکا نے پینٹنگز کی نمائش دیکھی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پینٹنگز میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور مصوروں کے فن کو سراہا۔ وزیراعلیٰ محسن (بقیہ نمبر 38)

وزیراعظم انوار الحق کاکڑ آج 2 روزہ دورے پر لاہور پہنچیں گے

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ آج (پیر) کو 2 روزہ دورے پر لاہور پہنچیں گے۔ ذرائع کے مطابق نگران وزیراعظم پیر اور منگل کو لاہور میں مختلف اجلاسوں کی صدارت کریں گے، صوبے میں امن وامان کی صورتحال پر بھی جائزہ اجلاس کی صدارت کریں گے۔ نگران وزیراعظم سے گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن اور نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی بھی ملاقاتیں کریں گے۔

نواز شریف کی اسٹیبلشمنٹ ڈیل کھل کر سامنے آگئی ہے، اعتزاز

نواز شریف کو جونہی موقع ملا اس نے سب کو زیرو کردیا، سینئر رہنما پیپلز پارٹی

لاہور (آئی آئی پی) سابق وفاقی وزیر داخلہ، پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، معروف قانون دان اعتزاز احسن نے کہا ہے کہ نواز شریف کی اسٹیبلشمنٹ ڈیل کھل کر (بقیہ نمبر 39)

انتخابات کے حصول کے لیے سیاسی پارٹیوں کو یکجا ہونا پڑیگا

سیاسی جماعتیں ملکر نہ بیٹھیں تو پھر نہ وہ رہیں گے نہ ہم رہیں گے، حافظ حسین احمد

کوئٹہ / اسلام آباد / کراچی (آئی آئی پی) جمعیت علما اسلام کے سینئر رہنما و سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کا سب سے بڑی مخالف جے یو آئی کے در پر حاضری سے پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے اڈیالہ جیل سے نوشتہ دیوار پڑھ لی (بقیہ نمبر 40)

انسداد سموگ مہم کے تحت کارروائیاں، 18 بھٹہ خشت سیل

دھواں چھوڑنے والی 802 گاڑیوں کے چالان کیے گئے جبکہ 6 لاکھ روپے سے زائد کے چالان کیے گئے

زگ زیگ ٹیکنالوجی استعمال نہ کرنے والے بھٹہ خشت مالکان کو سموگ رولز پہلے مرحلے کے دوران 1 لاکھ سے پانچ لاکھ تک جرمانہ کیا جائے گا

لیہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر خالد پرویز کی زیر صدارت انسداد سموگ کمیٹی اور ڈسٹرکٹ ہاسپٹل ویسٹ مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات محمد ارشد چغتائی، سی ای او صحت ڈاکٹر شاہد ریاض، پولیس افسران، محکمہ زراعت کے حکام و دیگر موجود تھے۔ اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے اے ڈی ماحولیات محمد ارشد نے بتایا کہ انسداد سموگ مہم کے تحت مختلف خلاف ورزیوں پر 18 بھٹہ خشت کو سیل کیا گیا، 55 ایف آئی آر درج کروائی گئی اسی طرح انڈسٹریل یونٹ پر (بقیہ نمبر 48)

کسٹمز کی کارروائی، کروڑوں روپے مالیت کے سمگل شدہ سگریٹ برآمد

دو کارروائیوں میں 3 کروڑ 40 لاکھ روپے کے سگریٹ قبضے میں لیے گئے، حکام

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ جوہر ٹاؤن میں کسٹمز انٹیلی جنس کے چھاپے دوران کروڑوں روپے مالیت کے غیر ملکی سمگل شدہ سگریٹ برآمد کر لیے (بقیہ نمبر 53)

چائنیز قونصلیٹ اور آئی آئی آر ایم آر کے اشتراک منعقدہ سیمینار میں شریک ہیں

حضرت نظام الدین اولیاؒ کا عرس، پاکستانی زائرین کو ویزے جاری

زائرین 31 اکتوبر کو واہگہ بارڈر کے راستے نئی دہلی جائیں گے، ذرائع

لاہور (این این آئی) حضرت نظام الدین اولیاؒ کے عرس کی تقریبات میں شرکت کے لیے بھارتی حکومت نے 102 پاکستانی زائرین کو ویزے جاری کردیے، زائرین 31 اکتوبر کو واہگہ بارڈر کے راستے نئی دہلی جائیں گے۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 54)

ایم کیو ایم پاکستان کا سیاسی رابطے بڑھانے کا فیصلہ

پارٹی وفد نواز شریف سے ملاقات کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) عام انتخابات سے قبل ایم کیو ایم پاکستان نے سیاسی رابطے بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے، ایم کیو ایم کا وفد جلد نواز شریف سے ملاقات کریگا۔ ذرائع کے مطابق ایم کیو ایم پاکستان کا وفد جلد سابق وزیراعظم نواز شریف (بقیہ نمبر 49)

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام اسلام آباد میں غزہ مارچ میں بڑی تعداد میں لوگ شریک ہیں

راولپنڈی میں صفائی آپریشن و آگاہی مہم کا پلان مرتب

ہفتہ صفائی میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز شہر کو زیرو ویسٹ کرنے کا ٹارگٹ پورا کرنے کیلئے بھرپور صفائی کریں گے

اوپن پلاٹوں، قبرستانوں میں جھاڑیوں، جڑی بوٹیاں تلف کردی جائینگی، کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کی زیر صدارت اجلاس

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کے احکامات کے مطابق آج پیر کے روز سے شروع ہونیوالے ہفتہ صفائی کیلئے راولپنڈی اور اس کی تحصیلوں میں صفائی آپریشن و آگاہی مہم کا پلان مرتب کر کے ورکرز کی ڈیوٹیاں لگا دی ہیں، انسداد سموگ و ڈینگی کیلئے ہونیوالے ہفتہ صفائی میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز شہر کو زیرو (بقیہ نمبر 42)

نگران حکومت مہنگائی پر قابو پانے میں ناکام رہی

نگران حکومت کو مہنگائی پر قابو پانے میں کسی حد تک کامیابی ملی ہے، سولہ فیصد عوام کی رائے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی تین چوتھائی عوام نے کہا ہے کہ نگران حکومت مہنگائی پر قابو پانے میں بالکل کامیاب نہ ہوسکی۔ گیلپ نے مہنگائی اور آشوب چشم کی بیماری کے حوالے سے لی گئی عوام کی رائے کا نیا سروے جاری کردیا جس کے مطابق (بقیہ نمبر 50)

مستقبل فلسطینیوں کا ہے اسرائیل نیست و نابود ہوگا

حماس کے وار سے اسرائیل اب مندمل نہیں ہوسکتا، امریکہ و مغرب کا اصل چہرہ دیکھنا ہے تو غزہ کو دیکھو، علامہ راجہ ناصر عباس جعفری

فلسطینی مظلومین سے اظہار یکجہتی کے لئے مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے زیر اہتمام آزادی فلسطین کانفرنس کا انعقاد

اسلام آباد (چیف رپورٹر) فلسطینیوں کی بے مثال مقاومت اور جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کرنے اور فلسطینی مظلومین سے اظہار یکجہتی کے لئے مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے زیر اہتمام آزادی فلسطین کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، کانفرنس میں تمام شعبہ ہائے زندگی کے خواتین وحضرات کی کثیر تعداد کی شرکت۔ شرکاء کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علامہ چیئرمین مجلس وحدت مسلمین علامہ (بقیہ نمبر 55)

فضائی آلودگی کے خاتمہ کیلئے موثر اقدامات اٹھائیں، ڈپٹی کمشنر سرگودھا

سرگودھا (این این آئی) حکومت پنجاب نے سرگودھا ریجن کے چاروں اضلاع سمیت تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ فضائی آلودگی کے خاتمہ کیلئے موثر اقدامات اٹھائیں اور شاہراہوں پر دھواں چھوڑ کر فضائی آلودگی پھیلانے والوں کے (بقیہ نمبر 43)

صدر آئی سی سی آئی احسن ظفر بخاوری ملاقات کے موقع پر وفاقی وزیر ڈاکٹر ندیم جان کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سرگودھا کے نواح میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے نواح میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس نے مقدمات میں مطلوب مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر (بقیہ نمبر 44)

سرکاری حج اسکیم کیلئے درخواستیں آئندہ ماہ طلب کی جائیں گی

ڈالرز میں ادائیگی کرن کی صورت میں قرعہ اندازی سے استثنیٰ حاصل ہوگا

اسلام آباد (آئی آئی پی) حکومت کی جانب سے سرکاری حج اسکیم کیلئے درخواستیں آئندہ ماہ کے وسط تک طلب کی جائیں گی، ڈالرز میں ادائیگی کرن کی صورت میں قرعہ اندازی سے استثنیٰ حاصل ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی کابینہ سے حج پالیسی (بقیہ نمبر 45)

غیر قانونی غیر ملکی افراد کے لیے مہلت

دن باقی

1

@GovtofPakistan

افغانستان واپس جارہے خاندانوں کی ٹریلر کو حادثہ، دو جاں بحق 14 زخمی

افغانستان واپس جارہے خاندانوں کے افراد بمعہ سامان سوار ایک ٹریلر میں سوار تھے

اٹک (این این آئی) اٹک میں جی ٹی روڈ ہٹیاں کے مقام پر افغانستان واپس جا رہے خاندانوں کے ٹریلر کو حادثہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں خاتون سمیت دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ افغانستان واپس جارہے خاندانوں کے افراد بمعہ سامان سوار ایک ٹریلر میں سوار تھے جو بے قابو ہوکر بڑے پل کے ساتھ ٹکرا گیا۔ حادثے میں (بقیہ نمبر 56)

اسرائیل کو جنگ مہنگی پڑ گئی، تین ہفتوں میں 17 ارب ڈالر کا نقصان

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیل کی معیشت پر جنگ کے برے اثرات پڑنے لگے، تین ہفتوں کے دوران اسرائیل کا جنگی نقصان 17 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ حماس کے حملے کے بعد جنگی (بقیہ نمبر 58)

جنسی ہراسگی اور بلیک میلنگ میں ملوث مجرم کو 4 سال قید کی سزا

ملزم نے خاتون کی قابل اعتراض مواد سوشل میڈیا پر شیئر کی تھی، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) جنسی ہراسگی اور بلیک میلنگ میں ملوث مجرم کو چار سال قید اور چار لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی ہے۔ ترجمان ایف آئی کے مطابق ملزم نے خاتون کی قابل اعتراض تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر شیئر کی تھیں۔ ترجمان نے بتایا کہ سائبر کرائم سرکل نے ملزم کے خلاف 2023 میں مقدمہ درج کیا (بقیہ نمبر 57)

طویل مدت کیلئے حکم امتناع عدالتی نظام کی نااہلی ظاہر کرتا ہے، جسٹس بابر ستار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس بابر ستار نے کہا ہے کہ طویل مدت کے لیے حکم امتناع عدالتی نظام کی نااہلی کو ظاہر کرتا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہائی کورٹ کے جج جسٹس بابر ستار نے کہا کہ حکم امتناع کی (بقیہ نمبر 59)

سرگودھا، تجاوزات کیخلاف مہم جاری، درجنوں دوکانات سیل

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں تجاوزات کے خلاف جاری مہم میں مزید درجنوں دوکانات کو سیل کر کے شہروں کو خبردار کیا گیا کہ وہ تجاوزات سے اجتناب کریں ورنہ ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لئے جاری مہم گزشتہ روز انسداد تجاوزات ٹیم نے (بقیہ نمبر 60)

پاکستان کارپوریٹ ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین اشرف سنہری بینک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محتشم احمد عشائی کے دورہ کے موقع پر ممبران سے گفتگو کر رہے ہیں

گیس چوروں کیخلاف کارروائیاں عروج پر، 149 مزید کنکشن منقطع

پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 149 گیس کنکشن منقطع، 253 انڈر بلنگ کیسز اندراج / پروسیس کئے گئے

دلپور میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 4 جبکہ گیس کے غیر قانونی استعمال پر 41 کنکشن منقطع کیے

کارروائی کے دوران پکڑا گیا غیر قانونی کنکشن

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 149 گیس کنکشن منقطع کردیے، 253 انڈر بلنگ کیسز اندراج / پروسیس کردیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 5 گھریلو کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 7 کنکشن منقطع جبکہ 72 انڈر بلنگ کیسز پروسیس / اندراج کیے گئے۔ بہاولپور میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 4 جبکہ گیس کے غیر قانونی استعمال پر 41 کنکشن منقطع (بقیہ نمبر 46)

غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کو دی گئی ڈیڈ لائن میں ایک دن روز باقی

مختلف آبادیوں میں اسکیننگ اور غیر ملکی افراد کی میپنگ آخری مراحل میں داخل ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کو دی گئی ڈیڈ لائن میں ایک دن روز باقی رہ گیا۔ ذرائع کے مطابق غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کے لیے مختلف آبادیوں میں اسکیننگ اور غیر ملکی افراد کی میپنگ آخری مراحل میں داخل ہوگئی، غیر ملکی افراد کے پاس موجود دستاویزات کی جانچ پڑتال جاری ہے۔ پہلے مرحلے میں دستاویزات نہ رکھنے (بقیہ نمبر 51)

ہائی سکیورٹی زون میں موٹر سائیکل کے داخلے پر پابندی عائد

بری امام آنے اور جانے کیلئے شہری متبادل راستہ استعمال کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اسلام آباد کے ہائی سکیورٹی زون میں موٹر سائیکل کے داخلے پر پابندی عائد کر دی۔ حکومت نے وفاقی دارالحکومت کے ہائی سکیورٹی زون میں موٹر سائیکلوں کے داخلے پر پابندی عائد کردی ہے۔ جس کا اطلاق یکم نومبر سے ہوگا جبکہ اس حوالے سے پولیس اور انتظامیہ کو ہدایات بھی جاری (بقیہ نمبر 52)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تقریباً شیدا شاعت ایڈیٹر انچیف عمر فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

بھارت کے خودساختہ پلوامہ ڈرامے کے مزید انکشافات

بھارت کے پلوامہ ڈرامے سے متعلق مزید انکشافات سامنے آ گئے ۔ کانگریس رہنما راہول گاندھی اور سابق گورنر مقبوضہ کشمیر ستیا پال ملک کے درمیان 14 اکتوبر کو ہونے والی گفتگو منظر عام پر آئی ہے جس میں سابق گورنر مقبوضہ کشمیر ستیا پال ملک کہہ رہے ہیں کہ مودی نے پلوامہ کو سیاسی فائدے کیلئے استعمال کیا، جس پر راہول گاندھی نے کہا کہ مودی نے مجھے مرنے والوں کی میتیں لینے سے روکا، ائیر پورٹ پر کمرے میں بند کرادیا۔ ستیا پال ملک نے کہا جب مودی کو بتایا کہ ہماری غلطی سے پلوامہ ہوا تو مجھے چپ رہنے کا حکم ملا۔ گفتگو میں ستیا پال ملک نے کہا مودی سرکار نے فوج کو مجبور کیا کہ وہ جہاز کی بجائے سڑک سے جائیں، پلوامہ میں استعمال ہونے والی خودکش گاڑی 10 دن سڑکوں پر گھومتی رہی، حملے کے دن لنک روڈ پر ایک بھی اہلکار تعینات نہیں تھا۔ دوسری جانب 'جموں و کشمیر پر بھارت کے غیر قانونی قبضے کیخلاف کنٹرول لائن کے دونوں جانب اور دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں نے جمعہ کو یوم سیاہ منایا۔ اس موقع پر آزاد جموں و کشمیر اور پاکستان سمیت دنیا بھر میں احتجاجی مظاہرے کئے گئے اور ریلیاں نکالی گئیں۔ اقوام متحدہ کے مبصرین کے دفاتر میں یادداشتیں پیش کی گئیں جن میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے مطالبہ کیا گیا وہ کشمیریوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کو روکنے کیلئے اپنی قراردادوں پر فوری عملدرامد کرائیں۔

بھارت نے پاکستان کیخلاف خودساختہ جارحیت کا جو بھی ڈرامہ رچایا' جلد یا بدیر بھارت کے اندر سے ہی اسکے حقائق دنیا کے سامنے آتے رہے ہیں۔ سانحہ سمجھوتہ ایکسپریس بھی بھارتی سازش تھی جس میں سوامی آسیم آنند' کرنل پروہت اور دیگر بھارتی فوجی ملوث تھے۔ 2007 میں سوامی آنند نے اس حملے کا ماسٹر مائنڈ ہونے کا اعتراف بھی کیا تھا۔ جرمن منصف ایلس ڈیوڈسن نے اپنی کتاب میں ممبئی حملوں کا انکشاف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ممبئی حملے بھارت کی اپنی منصوبہ بندی تھی جس میں اسرائیل اور امریکہ کا گٹھ جوڑ بھی عیاں کیا گیا۔ اب پلوامہ ڈرامے کی سازش بھی بھارت کے اندر سے ہی بے نقاب کی گئی ہے جو بھارت کے حوالے سے عالمی قیادتوں کی بند آنکھیں کھولنے کیلئے کافی ہے۔ پاکستان تو بھارت کے ہر خودساختہ ڈرامے کی تردید کرتا رہا ہے اور ان ڈراموں کے ٹھوس ثبوت بھی عالمی اداروں کو فراہم کرتا رہا ہے مگر انکی مجرمانہ خاموشی نے بھارت کے حوصلے اتنے بلند کر دیئے ہیں کہ وہ جب چاہتا ہے پاکستان کیخلاف کوئی خودساختہ کارروائی کر کے اسکی سلامتی پر اوچھا وار کرنے کی راہ ہموار کر لیتا ہے۔ بھارت کی یہ شرانگیزیاں خطے میں ایک خوفناک جنگ کی فضا ہموار کر رہی ہیں جس کا ادراک عالمی قیادتوں کو ہونا چاہیے۔ دوسری جانب مقبوضہ کشمیر میں بھی بھارت نے بربریت کا بازار گرم کیا ہوا ہے۔ گزشتہ 75 سال سے کشمیری عوام عالمی قیادتوں کے مردہ ضمیروں کو جھنجوڑ رہے ہیں اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ وہ اپنی قراردادوں کی روشنی میں انہیں بھارت سے استصواب کا حق دلائے مگر اقوام متحدہ اور عالمی قیادتوں کی مسلسل بے حسی انہیں مایوسی کی طرف دھکیل رہی ہے۔ پاکستان بھارتی سازشوں کو بارہا بے نقاب کر چکا ہے' اگر عالمی سطح پر انکی شنوائی نہیں ہو رہی تو پاکستان کو یہ معاملہ شدومد کے ساتھ عالمی عدالت میں اٹھانا چاہیے تاکہ بھارت کو تکیل ڈالی جا سکے۔

افغان مہاجرین کی واپسی

تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد
Twitter: @SAGHAR121

اس وقت پاکستان میں رہنے والے غیر ملکی افراد خصوصاً افغان مہاجرین کی رضا کارانہ واپسی کا عمل آخری مراحل میں ہے 31 اکتوبر تک تمام غیر ملکی باشندے جو کہ غیر قانونی طور پر پاکستان میں رہ رہے ہیں کو فی الفور ملک چھوڑنے کی ڈیڈ لائن دی گئی ہے حکومت رضا کارانہ طور پر ملک چھوڑنے والوں کو تمام سہولیات فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ باآسانی اپنے اپنے ملکوں میں جا سکیں ویسے تو پاکستان میں تقریباً ہر قومیت کے لوگ رہتے ہیں لیکن زیادہ تر تعداد افغانیوں کی ہے اور ایسے غیر ملکی افراد جن کے پاس پاسپورٹ سمیت کوئی دستاویزی رہائشی ثبوت نہیں ہے ان کو ملک چھوڑنے کی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے اپنے ممالک روانہ ہو جائیں۔ پاکستان میں کم و بیش 30 لاکھ سے زائد افغانی پناہ لیے ہوئے ہیں ان افغانیوں کی تین تین چار چار نسلیں یہاں جوان ہو چکی ہیں افغانستان جو بیس سال سے زائد حالت جنگ میں رہا پہلے سویت یونین اور پھر امریکہ کی جانب سے چڑھائی نے افغان باشندوں کو ہمسائیہ ممالک میں پناہ لینے پر مجبور کر دیا دنیا کی تاریخ میں پاکستان وہ واحد ملک تھا جس نے لاکھوں افراد انسانیت کی خاطر نہ صرف پناہ دی بلکہ جینے کی آزادی بھی دی دنیا کا کوئی ایسا ملک دکھا دیں جس میں کوئی غیر ملکی بغیر کسی دستاویزات کے کسی ملک میں اس طرح آزادی سے گھوم پھر سکے اور کاروبار کر سکے باقی ممالک میں آپ بغیر دستاویزات کے داخل ہی نہیں ہو سکتے لیکن پاکستان پچھلے پچاس سال سے ان لاکھوں افغان باشندوں کو اپنی آغوش میں لیے بیٹھا ہے اور وہ بے فکری کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں اس پرائے بوجھ نے پاکستان کو معاشی طور پر بہت نقصان پہنچایا ہے اگر کسی گھر میں دو تین افراد رہتے ہوں تو ان کی ضروریات بڑی فیملی کی نسبت کم ہوتی ہے اور جب اسی دو تین افراد والے گھر میں چار پانچ مہمان آ جائیں اور آئیں بھی مستقل تو پھر اس گھر کے اخراجات کا اندازہ آپ خود لگائیے ظاہر ہے اسی آمدن میں دو تین افراد سے سات آٹھ افراد کے کے خرچ اخراجات پورے کرنے میں گھر کے سربراہ کو مجبوراً قرض لینا پڑے گا یا وہ دو تین افراد جو روزانہ تین ٹائم دو دو روٹی کھاتے تھے اب انہیں آدھی آدھی روٹی پر اکتفا کرنا پڑے گا کیونکہ انکے حصے کی ڈیڑھ روٹی ان کے مہمانوں میں تقسیم ہو چکی ہے یہی حال پاکستان کا ہے کہ یہاں آنیوالے مہاجرین آہستہ آہستہ مقامی افراد کی جگہ لینے لگے ان کے کاروبار، زمینیں سب کچھ ان مہمانوں کے پاس جانے لگا اور میزبان مہمانوں کے غلام بننے لگے۔ دیکھتے ہی دیکھتے محض چند سالوں میں ان مہمانوں نے پورے ملک میں پنجے گاڑ لیے اور جس ملک میں وہ پناہ لینے آئے تھے اسی ملک کیخلاف بغاوتیں کرنے لگے چونکہ معاشی اعتبار سے انہوں نے یہاں مضبوطی اختیار کر لی تھی لہذا وہ میزبان ملک کی معیشت سے کھیلنے لگے انہوں نے میزبان ملک میں اسمگلنگ سمیت تخریبی کاروائیاں شروع کر دیں اور لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم کر دیا اندرون ملک تخریبی سرگرمیوں میں افغان باشندوں کے ہاتھ نظر آنے لگے جبکہ افغان سرزمین بھی مسلسل اس ملک کے خلاف استعمال ہونے لگی جس ملک نے افغانستان کی چار پانچ نسلوں کو پروان چڑھایا ان کو روزگار دیا، عزت دی، گھر دیے حتیٰ کہ ہر طرح کی وہ آزادی دی جو ایک پاکستانی کو حاصل تھی مگر وہ پچاس سال میں بھی پاکستان میں رہ کر پاکستان کی تہذیب، روایات اور کلچر نہ سیکھ سکے حالانکہ آپ کسی بھی دوسرے کلچر کے لوگوں کے ساتھ چند سال گزار دیں تو آپ وہاں کی ہر چیز سیکھ جائیں گے مگر یہاں ایسا نہیں ہوا آپ عرب ریاستوں کو ہی لے لیں وہاں تب تک آپ نہیں جا سکتے جب تک مقامی شہری آپ کی ضمانت نہ دے اور اس ضمانت کے بدلے آپ ہر ماہ جو وہاں کمائی کرتے ہیں اس کا ایک مخصوص حصہ آپ کے کفیل یعنی بلانے والے کو ملتا ہے مطلب کما کے پتر یعنی کماتے آپ ہیں اور کھاتے وہ ہیں لیکن افسوس یہاں ایسا کچھ نہیں ہو سکا پاکستان نے اقوام متحدہ اور یونیسف کے قوانین کی ہمیشہ پاسداری کی اور تمام مہاجرین کو کھلی آزادی دی۔ امریکہ کے افغانستان کے نکلنے کے بعد وہاں آہستہ آہستہ بحالی کا عمل شروع ہو چکا ہے جبکہ پاکستان میں معاشی صورتحال ابتر ہے جسکی وجہ سے وہ اب مزید ان مہمانوں کا بوجھ اٹھانے سے قاصر ہے یکم اکتوبر ان غیر رجسٹرڈ افراد جن کی تعداد کم و بیش 11 لاکھ ہے ان کو 31 اکتوبر تک رضا کارانہ طور پر ملک چھوڑنے کی ڈیڈ لائن دی گئی ہے یکم اکتوبر سے اب تک 4100 سے زائد خاندان جن میں 11000 مرد، 8000 خواتین اور کم و بیش 26000 بچوں کو باعزت طریقے سے طورخم بارڈر کے ذریعے افغانستان بھیجا جا چکا ہے یہ سلسلہ 31 اکتوبر تک جاری رہے گا پورے ملک میں پرنٹ میڈیا کے ذریعے آگاہی مہم جاری ہے کہ اکتیس اکتوبر تک یہ ملک چھوڑ دیں اسکے بعد یکم نومبر سے غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کیخلاف کریک ڈاؤن کیا جائے گا پورے ملک میں عوام کو آگاہی پیغام دیا جا رہا ہے کہ وہ کسی غیر ملکی باشندے کو مقررہ وقت گزرنے کے بعد پناہ نہ دی جائے ورنہ ان افراد کیخلاف بھی کاروائی کیجائے گی جو غیر ملکیوں کو پناہ دیں گے۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور ان کی کابینہ کے اس فیصلے سے عوام بہت خوش ہے کیونکہ ملک میں جاری تخریبی سرگرمیوں جیسے کے خودکش دھماکوں، ڈکیتی و راہزنی اور مصنوعی مہنگائی میں واضح کمی آئے گی۔ ایک بات واضح کرتا چلوں کہ حکومت صرف ان افراد کیخلاف کارروائی کرنے جا رہی ہے جو کہ غیر قانونی طور پر پاکستان میں مقیم ہیں کسی بھی ایسے شخص کو فی الحال نہیں چھیڑا جائے گا جن کے پاس افغان سیٹیزن کارڈ یا "پی او آر" کارڈ موجود ہے پی او کارڈ سے مراد وہ 14 لاکھ افراد ہیں جو کہ یونیسف اور اقوام متحدہ کی جانب سے باقاعدہ رجسٹرڈ ہیں۔ غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کی تمام پراپرٹی اور کاروبار بحق سرکار ضبط کر لیے جائیں گے اور ان افراد کو ڈی پورٹ کر کے بلیک لسٹ کر دیا جائے گا پھر کبھی بھی وہ لوگ پاکستان میں داخل نہیں ہو سکیں گے۔ تمام غیر ملکی افراد خصوصاً وہ افغان باشندے جو کہ غیر قانونی طور پر پاکستان میں مقیم ہیں وہ رضا کارانہ طور پر پاکستان چھوڑ دیں اور اپنے ملک روانہ ہو جائیں حکومت آپ کی بخریت واپسی میں آپکے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی یکم اکتوبر سے اب تک رضا کارانہ طور پر واپس جانیوالے تمام افغان باشندوں نے حکومتی رویے کی تعریف کی ہے کہ ہمارے لیے سہولیات پیدا کی جا رہی ہیں ہمیں پاکستان اور پاکستانی حکومت سے کوئی گلہ نہیں ہے آخر ایک نہ ایک دن ہمیں واپس جانا ہی تھا۔ اس نرمی کے باوجود واپس نہ جانیوالوں سے سختی سے پیش آیا جائے گا۔ حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے ان تمام غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد سے آہنی ہاتھوں سے نپٹیں گے۔

اجتماعی بے حسی

تحریر۔۔ نجل ملک اسلام آباد
مسجد اقصیٰ امام الانبیاء
میراث الانبیاء

رہتی دنیا تک ثبت ہو چکنے والی مبارک جگہ ایک ساتھ جھکنے والی کئی جبینوں کا مقام معراج آج وہ فلسطین جہاں دشمنوں نے ظلم و ستم کی تمام حدیں پار کر دی فلسطینی امت مسلمہ کی اس میراث کو بچانے کی جنگ تن تنہا لڑ رہا ہے کیونکہ یہودی تو ایک ہی مرکز پر اکٹھے ہو رہے ہیں لیکن ہماری امت مسلمہ کی صفیں بکھری ہوئی ہیں اور ہم لوگ صرف وکٹری کا نشان دکھا کر اور ہاتھ اٹھا کر ساتھ ہونے کا دعویٰ کر کے سمجھ رہے ہیں کہ فرض پورا ہو گیا ہے۔ یہاں پر مجھے غالب کا ایک شعر یاد آ گیا ہے۔

بیکاری جنوں کو ہے سر پیٹنے کا شغل
جب ہاتھ ہی کٹ جائیں تو پھر کیا کرے کوئی

مطلب یہ کہ ہم لوگ صرف سر پیٹ رہے ہیں بنا تلوار کے کیونکہ یہ قوم یہ امت اپنے ہاتھ کٹوا چکی ہے اور ہاتھ کٹوانے کے ساتھ ساتھ اپنا آپ بھی گروی رکھوا چکی ہے اس قوم کی سہل پسندی، عیاشیاں، ذاتی و دنیاوی مفاد پرستی، اور بزدلی و غلامی نے انہیں تلواریں چلانا بھلا دیا ہے کیونکہ جن کے خلاف ان کی تلواریں اٹھتی تھی یہ اب انہی سے ہی پوچھتے ہیں کہ

بتا تیری رضا کیا ہے
یہ قوم ہاتھ کٹوا چکی ہے سواب یہ اور کچھ بھی نہیں کر سکتی سوائے سر پیٹنے کے اور بھاں بھاں کرنے کے سو پچھلے کئی سالوں سے بنا کسی ایڈیالوجی کے پیٹ رہی ہے احتجاج کر رہی ہے اور ہاتھ ہلا ہلا کر ریلیوں کے ذریعے صرف زبانی کلامی تمہارے ساتھ ہیں کا نعرہ لگا رہی ہے۔ نعرہ لگا کر کس کی طرف دیکھ رہے ہیں اس مغربی دنیا کی طرف جو کھلم کھلا اسرائیل کی حمایت کرنے کے ساتھ ساتھ غذا اور وہاں کی اموات پر تشویش کرنا چھوڑ دیا ہے اور ہم اس خوش فہمی کے ساتھ بڑی بڑی عالمی انسانی تنظیموں کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں جو اتنی بڑی بڑی ہو کر بھی اتنی چھوٹے چھوٹے بچوں کو نہیں بچا سکی تو وہ اب عالمی انسانی تنظیم کے نام پر خود ہی دھبہ ہیں ان کے عالمی قوانین یہ ہیں کہ وہ خود کسی بھی ملک و قوم کو قبرستان میں تبدیل کر دے تو دفاع اور دفاع میں کیے گئے حملے دہشت گردی۔ یہ سب عالمی تنظیمیں وہ گوشت خور حیوان ہیں جن کو ہڈی ہمارے اپنوں نے ڈال کر اتنا طاقتور بنا دیا ہے کہ اب وہ جب ہم پر جھپٹتے ہیں تو ہم جی حضور جی حضور کہہ کر ان کے صرف تلوے چاٹتے ہیں چند ڈالر، مختصر زندگی، اور تھوڑی سی آسائشوں کے لیے اپنی دنیا و آخرت برباد کرتے ہیں اور اگر مغرب کو یہ لگتا ہے کہ وہ بہت طاقتور ہے تو یہ ان کی غلط فہمی ہے کیونکہ اگر وہ اتنا ہی طاقتور اور زور آور ہے تو پھر بچوں کو ذبح کرنا چھوڑ دے عورتوں کو نشانہ نہ بنائیں، پانی اور امداد روکے بنا سامنے آئے، علاج گاہوں پر بم گرانا چھوڑے بزدلوں کی طرح نہیں بہادروں کی طرح میدان میں جنگی قوانین کے مطابق سامنا کریں لیکن اس کے یہ سارے حربے گھٹیا اور عالمی انسانی حقوق و قوانین کی خلاف ورزی ہیں اور ہمارا مسئلہ یہ ہے ہم تاریخ سے واقعات سے اور تجربات سے سیکھنے والی قوم نہیں رہی اب ہم غلام بزدل مفاد پرست اور تماشہ دیکھنے والی قوم بن کے رہ گئے ہیں ہمیں دنیا اور اس کی س 6 یل پسندی سے اس قدر پیار ہے کہ ہم اس کے لیے اپنی غیرت انفرادی و اجتماعی کو دفن کر دیا ہے اور اجتماعی بے حسی کو اوڑھ کر چلنا اور جینا سیکھ لیا ہے اور یہ سمجھ لیا ہے کہ ہم اب حیات پی چکے ہیں سو اب ہم ہی رہیں گے اس دنیا میں اور اپنا بیان، احتجاج ریکارڈ کروا کر مغرب کی طرف اس لئے دیکھ رہے ہیں کیونکہ ہم سے نہ تلوار سے روکنے کی ہمت ہے اور نہ زبان سے اور ہم ایمان کی اس کمزور ترین سطح پر ہیں جہاں ہم صرف دل میں غلط کو غلط کہہ کر خود کو مطمئن کر رہے ہیں یا پھر شاید ہم احساس سے بھی عاری ہو گئے ہیں کیونکہ ضمیر مردہ ہو گیا مفاد پرستی اور دنیا کی محبت نے ہمیں مجبور کر دیا ہے کہ ہم اپنی ایٹمی طاقت کو بغل میں دبا کر صرف اور صرف خود کو بچائیں لہذا ہمیں ایک بار پھر اٹھنے کی ضرورت ہے اور اپنے دلوں کو تازہ کرنے کے لیے صرف احد کی گھاٹیوں کو یاد کرنا پڑے گا بدر کے میدان کو اور طارق بن زیاد کی فوج کو جب اندلس کے ساحل پر لاکھوں یہودیوں کے مقابلے میں مٹھی بھر اہل ایمان جو ایمانی قوت سے بھرپور تھے انہوں نے مشرکین کو شکست پہ شکست دی لیکن اس سے پہلے ہمیں ایک بڑی جنگ اپنے ضمیروں کے خلاف لڑنا ہو گی جسے ہم تھپک تھپک کر سلا چکے ہیں نہیں تو تاریخ رقم کرے گی کہ ہم اتنی بہادر قوم تھے کہ غزہ کے بچوں کو ذبح ہوتے دیکھ کر بھی ہمارے دل نہیں پھٹے ہماری روح نہیں کانپی ہمارے ایمان نے ایک ذرا بھر بھی حرارت کی چنگاری نہیں بھڑکی اور پھر اگر زندگی کی حقیقت موت ہی ہے تو پھر شہادت کی موت سے بہتر کوئی موت نہیں۔

کیونکہ رستہ ایک ہی تھا!
حضرت موسیٰ علیہ السلام گزر گئے
،فرعون ڈوب گیا،
یقین رستے پر نہیں اللہ پر کرو۔

سائنس دانوں نے پانی کو نہ ٹکنے دینے والی سطح تیار کر لی

ہیلسنکی (سی ایم لنکس) فن لینڈ کے سائنس دانوں نے دنیا کی سب سے زیادہ پانی کی مزاحمت کرنے والی سطح تیار کر لی۔ فن لینڈ کی آلٹو یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والے محققین کی ایک ٹیم نے سطح سے پانی کے قطرے ہٹانے کا ایک ایسا نظام بنایا ہے جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ پکوان، آمدورفت، چشمے اور سیکڑوں ٹیکنالوجیز ایسی ہیں جو سطح پر پانی لگنے سے متاثر ہوتی ہیں اور مستقبل میں ان سطحوں کے استعمال سے گھریلوں اور صنعتی ٹیکنالوجیز (جیسے کہ پلمبنگ، شپنگ اور آٹو انڈسٹری) کو بہتر کیا جا سکتا ہے۔ محققین کی ٹیم نے مائع نما بیرونی پرت کے ساتھ ٹھوس سلیکون کی سطحیں بنائیں جو سطحوں سے پانی کے قطرے پھسلا کر صاف کرتی ہیں۔ یہ بیرونی پرت شے اور پانی کے قطروں کے درمیان چکنائی کا کام کرتی ہے۔ یہ دریافت ٹھوس سطحوں اور پانی کے درمیان رگڑ (فرکشن) کے متعلق موجودہ خیالات پر سوالات اٹھاتی ہے اور سالماتی سطح پر پھسلن کے مطالعے کے لیے نئے باب کھولتی ہے۔ نیچر کیمسٹری میں شائع ہونے والی تحقیق کے سربراہ مصنف سکاری لیپکو کے مطابق ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ سالماتی مختلف العناصر سطحوں کو بنانے کے لیے کوئی پہلی بار نینو میٹر حد تک گیا ہے۔ ٹیم نے درجہ حرارت اور پانی کی مقدار جیسی صورتوں کو ری ایکٹر میں احتیاط کے ساتھ قابو کر کے سلیکون سطح پر ایک تہہ چڑھائی۔

SHOWBIZ شوبز

ملالہ کو اور کسی کیلئے نہیں تو غزہ کے بچوں کیلئے آواز اٹھانی چاہئے، علی ظفر

افغان مہاجرین کیلئے آواز اٹھانے پر علی ظفر نے ملالہ کو غزہ کے مظالم یاد کروا دیئے



کراچی (این این آئی) پاکستان کے نامور گلوکار اور اداکار علی ظفر کو نوبیل انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی کی پوسٹ پسند نہیں آئی اور انہوں نے ملالہ کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ ملالہ یوسفزئی نے پاکستان میں موجود افغان مہاجرین کے متعلق پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ طالبان کے مظالم سے بھاگنے والے افغان بچے، عورتیں اور مرد مدد، عزت اور تحفظ کے مستحق ہیں اور انہیں مزید ہراسانی کا شکار نہ کیا جائے۔ نوبیل انعام یافتہ ایکٹیوسٹ نے مزید لکھا کہ وہ اقوام متحدہ کے ماہرین کی آواز سے آواز ملاتی ہیں جس میں انہوں نے پاکستان حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بڑے پیمانے پر افغانیوں کے ملک سے اخراج کی پالیسی پر نظر ثانی کرے۔

میں خود حیران ہوتی ہوں کہ میں شوبز انڈسٹری میں کیسے آ گئی

وقت نہ دینے کی وجہ سے فیملی کا ہر شخص ناراض مگر کام سے خوش ہے، سحر خان

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ سحر خان نے کہا ہے کہ وقت نہ دینے کی وجہ سے فیملی کا ہر شخص مجھ سے ناراض مگر میرے کام سے خوش ہے۔ نجی ٹی وی کو انٹرویو کے دوران اداکارہ نے شوبز انڈسٹری میں قدم رکھنے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ میں خود حیران ہوتی ہوں کہ میں شوبز انڈسٹری میں کیسے آ گئی، دراصل میرے شوبز انڈسٹری میں قدم رکھنے کی اصل وجہ اداکارہ ضمیم جنگ ہیں۔ سحر کا کہنا تھا کہ میری ایک دوست نے ضمیم جنگ سے جبکہ ضمیم جنگ نے ایک ڈائریکٹر سے ملاقات کروائی اور پھر میرا آڈیشن ہوا اور میں سلیکٹ ہو گئی، آڈیشن میں سلیکٹ ہونے کے بعد دادا نے مجھے اجازت دے دی جس کے بعد میرے فیصلے پر فیملی کو کوئی اعتراض نہیں تھا۔ اداکارہ کا مزید کہنا تھا کہ ڈرامہ انڈسٹری میں قدم رکھنے کے بعد میں فیملی کو وقت نہیں دے پاتی جس کی وجہ سے میری فیملی کا ہر شخص مجھ سے ناراض رہتا ہے، ہاں البتہ میری فیملی میرے کام کی وجہ سے بہت خوش ہے۔

''اینیمل'' کی ریلیز کے بعد کسی بھی فلم میں کام نہیں کروں گا، رنبیر کپور

رنبیر کپور فی الحال اپنی نئی آنے والی فلم ''اینیمل'' کی ریلیز کی تیاریوں میں مصروف ہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار رنبیر کپور نے کہا ہے کہ وہ اپنی نئی آنے والی فلم 'اینیمل' کی ریلیز کے بعد کسی بھی فلم میں کام نہیں کریں گے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق رنبیر کپور نے حال ہی میں ''زوم'' کے ذریعے اپنے مداحوں کے ساتھ گفتگو کی جس میں انہوں نے کہا کہ وہ 'اینیمل'' کی ریلیز کے بعد کسی بھی فلم میں کام نہیں کریں گے کیونکہ وہ اپنا سارا وقت اپنی بیٹی اور اہلیہ کو دیں گے۔ رنبیر کپور نے کہا کہ وہ بیٹی کی پیدائش کے بعد اپنے کام میں مصروف رہے اور بیٹی کو وقت نہیں دے سکے۔

کاش لوگ دل کا زخم محسوس کر پاتے، نعمان اعجاز

سوشل میڈیا پر فلسطین کی حمایت اور اسرائیل کی مذمت کرنے والوں پر تبصرہ

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار نعمان اعجاز کا کہنا ہے کہ کاش لوگ دل کے زخم کو محسوس کر پاتے۔ نعمان اعجاز نے سوشل میڈیا پر فلسطین کی حمایت اور اسرائیل کی مذمت کرنے والوں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ جو سوشل میڈیا پر اسٹیٹس لگائے صرف وہی فلسطین کے غم میں شریک ہے، کاش لوگ دل کے زخم کو محسوس کر پاتے، لیکن کہاں، ہمیں تو اشتہار بازی پسند ہے، براہِ کرم لوگوں کو جج کرنا چھوڑیں۔ اداکار کا اظہار رائے کرنا تھا کہ سوشل میڈیا صارفین کی بڑی تعداد نے تنقیدوں کے نشتر کا رخ نعمان اعجاز کی جانب کر دیا اور کہا کہ براہِ کرم آپ بھی انہیں جج نہ کریں۔

جوانی میں ہی شوہر کا انتقال ہو گیا تھا، غزالہ جاوید

کراچی (این این آئی) سینئر اداکارہ غزالہ جاوید نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے جب بیوہ ہوئی تو دوسری بار شادی نہ کر سکی مگر جب بیٹی بیوہ ہوئی تو اس کی دوسری شادی کروادی۔ نجی ٹی وی شو میں گفتگو کرتے ہوئے غزالہ نے بتایا کہ جوانی میں ہی شوہر کا انتقال ہو گیا تھا، اس وقت میرا بیٹا دوسری جماعت میں تھا، اسے علم نہیں تھا موت کیا چیز ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شوہر کی وفات کے بعد فیصلہ کیا کہ اولاد کی بہتر پرورش کروں گی اور کسی سے مدد نہیں لوں گی۔ انہوں نے کہا کہ شوہر کی وفات کے بعد اپنا گھر کرائے پر دے کر خود چھوٹے گھر میں رہنے لگی اور ٹی وی پر کام زیادہ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ شوہر کے انتقال کے بعد دوسری شادی کرنے کا رسک نہیں لیا۔

ہاجرہ یامین کو بولڈ تصویریں شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا

تصویروں میں ہاجرہ یامین نے سفید رنگ کا مختصر لباس پہنا ہوا ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی خوبرو اداکارہ ہاجرہ یامین کو سوشل میڈیا پر اپنی بولڈ تصویریں شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہاجرہ یامین کو سوشل میڈیا پر بولڈ تصویریں شیئر کرنے پر صارفین نے آڑے ہاتھوں لے لیا۔ تصویروں میں ہاجرہ یامین نے سفید رنگ کا مختصر لباس پہنا ہوا ہے جن میں وہ سمندر کنارے دوستوں کے ساتھ خوش گوار موڈ میں نظر آ رہی ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین نے پوسٹس میں اداکارہ کو اخلاقیات اور شرم و حیاء کا درس دیا۔

مایا علی کا برائیڈل شوٹ، ہر سو اداکارہ کی اداؤں کے چرچے

یہ برائیڈل شوٹ کسی مغلیہ دور کی حویلی میں عکسبند کیا گیا ہے

لاہور (سی ایم لنکس) معروف اداکارہ مایا علی نے نئے برائیڈل شوٹ میں دلکش ادائیں دکھا کر مداحوں کے دل جیت لیے۔ سوشل میڈیا کی فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر مایا علی نے حال ہی میں کروائے گئے ایک برائیڈل فوٹو شوٹ کی تصاویر مداحوں کیساتھ شیئر کیں جن میں اداکارہ کی ادائیں ان کی خوبصورتی کو مزید چار چاند لگا رہی ہیں۔ یہ برائیڈل شوٹ کسی مغلیہ دور کی حویلی میں عکسبند کیا گیا ہے جو مغلوں کی خوشحالی کے ساتھ ساتھ اپنے ثقافتی ورثے کے تحفظ اور فروغ کے عزم کو ظاہر کر رہا ہے۔ گولڈن پشواش اور نگوں جڑے ہار میں قاتلانہ ادائیں اداکارہ کے مداحوں کی توجہ اپنی جانب کھینچ رہی ہیں اور وہ خوب تعریفیں بھی کر رہے ہیں۔

SPORTS سپورٹس

عبدالرزاق نے سرفراز احمد کو کپتان بنانے کی حمایت کر دی

نیدرلینڈز کی بولنگ بہت ہی اچھی ہے، ویسے بنگلا دیش کو میچ جیتنا چاہیے تھا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق آل راؤنڈر عبدالرزاق نے سرفراز احمد کو کپتان بنانے کی حمایت کر دی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عبدالرزاق نے کہا کہ دو، تین کھلاڑیوں کو آرام کرانا چاہیے، اگر کپتانی کیلئے جانا ہے تو سرفراز احمد اچھا کپتان ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیدرلینڈز کی بولنگ بہت ہی اچھی ہے، ویسے بنگلا دیش کو میچ جیتنا چاہیے تھا۔ سابق آل راؤنڈر نے کہا کہ آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے میچ سے بہت کچھ سیکھنا چاہیے، ہمیں اب ان دونوں ٹیموں کی طرز کی کرکٹ کھیلنی چاہیے۔

ورلڈ کپ، پاکستان اپنا ساتواں میچ کل بنگلہ دیش کے خلاف کھیلے گا

قومی ٹیم کو سیمی فائنل کی دوڑ میں شامل رہنے کیلئے میچ جیتنا بہت ضروری ہے

کولکتہ (این این آئی) آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستان اپنا ساتواں میچ (کل) 31 اکتوبر بروز منگل کو بنگلہ دیش کے خلاف کھیلے گا، مسلسل چار شکستوں کے بعد قومی ٹیم کو سیمی فائنل کی دوڑ میں شامل رہنے کے لیے میچ جیتنا بہت ضروری ہے۔ پاکستان نے چھ میچ کھیل کر دو میچ جیتے اور چار میچوں میں اسے شکست کا سامنا کرنا پڑا، گرین شرٹس نے پہلے میچ میں نیدرلینڈز کو 81 رنز اور دوسرے میچ میں سری لنکا کو 6 وکٹوں سے زیر کیا تاہم تیسرے میچ میں اسے روایتی حریف بھارت کے ہاتھوں 7 وکٹوں۔ چوتھے میچ میں آسٹریلیا کے ہاتھوں 62 رنز، پانچویں میچ میں افغانستان کے ہاتھوں 8 وکٹوں اور چھٹے میچ میں جنوبی افریقا کے ہاتھوں ایک وکٹ سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ منگل کو پاکستانی ٹیم مایہ ناز بیٹر بابر اعظم کی قیادت میں میدان میں اترے گی، دیگر نمایاں کھلاڑیوں میں محمد رضوان، شاہین شاہ آفریدی، حارث رؤف، شاداب خان اور افتخار احمد شامل ہیں۔ پوائنٹس ٹیبل پر پاکستان 4 پوائنٹس کے ساتھ چھٹے نمبر پر ہے۔ بنگلہ دیش کی بھی ٹورنامنٹ میں کارکردگی انتہائی ناقص رہی اور اس نے چھ میچ کھیل کر ایک میچ میں کامیابی حاصل کی ہے،، بنگلہ د

بقیہ 1

کے خلاف ضابطہ کی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام بازاروں میں فٹ پاتھ ہر صورت واگزار کروائے جائیں گے اور ایسے بازار جہاں فٹ پاتھ ختم ہو چکے ہیں وہاں تاجروں سے ملکر دوبارہ تعمیر کیے جائیں گے۔ اجلاس میں طے پایا کہ پہلے مرحلہ میں سٹی روڈ پر فٹ پاتھ تعمیر کرنے کے ساتھ بجلی اور ٹیلی فون سمیت دیگر تاروں کو انڈر گراونڈ کیا جائیگا جس کے بعد دیگر بازاروں میں بھی اس مہم کو شروع کیا جائیگا۔ کمشنر کا کہنا تھا کہ یہ شہر ہم سب کا ہے اور ہم نے ملکر اس کو خوبصورت اور تجاوزات سے پاک بنانا ہے۔

بقیہ 2

کوسو، وکیل غفار نارنجو، وکیل رام چندر جن نے شرکت کی۔ سندھی ہاری تحریک کے نائب صدر کامریڈ شکن کولھی خیر محمد جانڑیو اور دیگر نے شرکت کی اجلاس میں جلسے کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر دلدار لغاری نے کہا کہ سندھ میں لاکھوں ایکڑ زمین پر غیر ملکیوں کا قبضہ ہے، مزید یہ کہ پی ڈی ایم حکومت نے سندھ میں مزید لاکھوں ایکڑ اراضی عربوں اور دیگر کو جدید کاشتکاری کے نام پر دینے کا بل پاس کیا۔ یہ غیر قانونی ہے جسے سندھ کے عوام کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ نگران حکومت نے افغان باشندوں سمیت غیر ملکیوں کو نکالنے کا اعلان کیا لیکن سندھ میں اس پر عمل ہوتا نظر نہیں آ رہا، اس لیے سندھ کے عوام کا مطالبہ ہے کہ سپریم کورٹ فسادات کیس کے فیصلے پر عمل کرتے ہوئے غیر ملکیوں کو سندھ سے بے دخل کرے۔ فوری طور پر اس سے چھٹکارا حاصل کریں۔ اجلاس سے امیر بخش جروار، وکیل غفار نارنجو ایاز کھوسو، وکیل ایاز کلوڑی اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 3

میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ اسی طرح سرفراز کالونی جوہر آباد میں بھائی کے قتل کے بدلہ میں ارشاد وغیرہ نے فائرنگ کر کے بولہ کے موٹر سائیکل سوار محمد اشرف کو قتل کر دیا جس کے بھتیجے نے کچھ عرصہ قبل ملزم کے بھائی کو قتل کیا تھا

بقیہ 4

گلگت بلتستان سمیت ملک بھر کے تمام علاقوں کی سرکاری جامعات میں پی پی ایس نظام کے تحت کام کرنیوالے ہزاروں اساتذہ شرکت کریں گے، دور دراز علاقوں اور شہروں سے ساتذہ کے قافلے (آج) پیر کو بسوں، کاروں اور دیگر گاڑیوں میں روانہ ہوں گے اور 31 اکتوبر بروز منگل اسلام آباد پہنچ کر احتجاجی دھرنے میں شرکت کریں گے،

بقیہ 5

عبدالقدیر خاموش کی زیر صدارت منعقد ہونے والے اجلاس میں رہنماؤں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں مرکزی جمعیت اہل حدیث کے رہنماء مولانا حافظ عبدالصمد معاذ، کشمیری حریت رہنماء تنویر الاسلام، مرکزی جمعیت اہل حدیث اسلام آباد کے نائب ناظم ظہیر انبالوی، طالب علم رہنماء حافظ سبیح اللہ ودیگر نے شرکت کی رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ فلسطین میں اسرائیلی ظلم و بربریت اور سفاکیت کی انتہا ہو چکی ہے، پاکستان سمیت تمام عالم اسلام کے حکمران مسئلہ فلسطین پر محض مذمتی بیان دینے کی بجائے مظلوم فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم رکوانے کے لیے عملی طور پر اقدامات کریں، مسجد اقصیٰ کی حرمت کی حفاظت ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے، اسرائیل کی ہسپتالوں اور مساجد پر بمباری جنگی جرائم میں شامل اور جنیوا کنونشن کی واضح خلاف ورزی ہے، مسلمان حکمرانوں کو مغرب سے ڈکٹیشن لینے کی بجائے آزاد حکمت عملی اور نئی صف بندی کی ضرورت ہے، امریکہ اسرائیل کی دہشتگردی کا سہولت کار بنا ہوا ہے، اقوام متحدہ خاموش تماشائی بنا ہوا ہے، اسرئیلی دہشتگردی سے 8 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، لگتا ہے امریکہ اور اسرئیل دنیا کا امن تباہ اور انسانی نسل کشی کی پالیسی پر گامزن ہیں، مظلوم فلسطینی عام پر حملے بند نہیں ہوئے تو تیسری عالمی جنگ کے خدشات بڑھ جائیں گے، امت مسلمہ اسرئیل کی ناجائز ریاست کو کسی طور بھی قبول نہیں کرے گی۔

بقیہ 6

سروس روڈ پر گاڑیوں کی اوور سپیڈ، ٹریفک قوانین خلاف ورزیاں عروج پر جبکہ شہر گوجرخان کا دیرینہ توجہ طلب مسلہ ڈی ایس پی آفس، گرلز کالج چوک سے خونی یوٹرن کی جانب رانگ سائیڈ سواریوں سے لوڈر رکشوں، موٹر سائیکلوں سمیت کیری ڈبہ، اور چھوٹی گاڑیوں کی کراسنگ کی وائلیشن عروج پر متعدد بار گوجرخان انتظامیہ، سابق و موجودہ ڈی ایس پی ٹریفک وارڈن گوجرخان، اور ڈی ایس موٹروے کی توجہ اس جانب مبذول کروانے کے باوجود کسی کے بھی کانوں پر جوں تک نہ رینگی یہ جان لیوا جی ٹی روڈ روڈ پر رانگ سائیڈ کراسنگ وائلیشن ڈی ایس پی آفس اور اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کے آفس کے بلکل سامنے ہو رہی ہے اسی بنا پر ماضی میں متعدد حادثات رونما ہوئے جن میں کہیں گھروں کے چشم و چراغ گل ہوئے اور کہیں ایک مفلوج ہو گے اتنا کچھ ہو جانے کے باوجود مقامی انتظامیہ، وارڈن، موٹروے پولیس ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پر عمل پیرا ہو کر آج تک اس پیچیدہ مسلے کا حل نہ نکال سکے، نہ ہی موٹروے پولیس اس وائلیشن کو کنٹرول کرنے کی ذمہ داری لے رہی ہے اور نہ ٹریفک وارڈن پولیس دونوں ادارے ایک دوسرے کو مورد الزام ٹھہرانے میں مصروف شہری حلقوں نے وزیر اعلیٰ، چیف سیکرٹری پنجاب، اور ضلعی انظامیہ، آئی جی موٹروے پولیس، سی ٹی او راولپنڈی سے اس مسلے پر سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیشمار دفعہ ٹریفک کے متعلقہ حکام اور انظامیہ کی توجہ اس جانب دلائی جا رہی ہے مگر تمام ادارے ٹس سے مس نہیں ہو رہے خدانخواستہ مستقبل میں کوئی بھی جان لیوا حادثہ رونما ہوتا ہے تو اسکی تمام تر ذمہ داری مقامی انتظامیہ سمیت متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔

بقیہ 7

تو ملازم اسے آمدنی کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ کسی بھی ملزم کی آس میں آنکھیاں اڈیک دیاں دل واجاں مارو ا کے طرز پر پولیس کا رویہ بنتا جا رہا ہے۔ پہلے وفاقی پولیس کا نام آتے ہی پڑھے لکھے مہذب سلجھے ہوئے پولیس افسران اور سٹاف کا تاثر ذہن میں ابھرتا تھا لیکن گزشتہ دور حکومت میں عوام تو عوام اب صحافیوں کے ساتھ بھی پٹواری پولیس کا ناروا سلوک بدقسمتی سے وطیرہ بن گیا ہے۔ وفاقی پولیس کی بدنامی کروانے میں جو چند کالی بھیڑیں موجود ہیں آئی جی اسلام آباد، ڈی آئی جی، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد اور ایس ایس پی زونز صاحبان کو فوری عوامی شکایات کا ازالہ کرنا چاہئے۔ یہاں یہ کہنے میں کوئی عار نہیں کہ شہر بھر کے صحافی بھی پولیس کی آنکھوں کو چبھنے لگے ہیں۔ وفاقی پولیس جرم کیخلاف آواز اٹھانے والے صحافیوں کو اپنے حق میں خبریں لگانے کیلئے مجبور کرنے لگی۔ اپنی مرضی کی خبریں نہ لگائے جانے پر صحافیوں کو بھی دھمکانے لگی۔ حالیہ تھانہ کہنہ کے واقعے نے پولیس کی کارکردگی پر مزید کئی سوالات اٹھا دیئے ہیں۔ اس سے قبل تھانہ شہزاد ٹاؤن کے اہلکار نے بھی شہری کی کرولا گاڑی ٹمپر شدہ قرار دے کر تھانے بند کر دی۔ تمام تر دستاویزات دکھانے کے باوجود بھی شہری سے اوپر تک حصہ دینے کا کہہ کر ڈیڑھ لاکھ روپے بٹور لئے گئے حالانکہ گاڑی ون فائیو کلیئر تھی، لیٹر بھی دکھایا گیا مگر پیسے کی حوس اور احتساب کا خوف نہ ہونے کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ شہریوں نے وفاقی وزیر داخلہ، آئی جی اسلام آباد سے اپیل کی ہے کہ محکمہ پولیس میں بڑھتی ہوئی کرپشن کو فوری روک کر کرپٹ اہلکاروں کیخلاف فوری ایکشن لیا جائے۔

بقیہ 8

ہے۔ رضا امیری مقدم نے کہا کہ یہ جنگ اسلام اور کفر کے درمیان ہے، یہودیوں کی تاریخ پڑھیں تو یہ صدیوں سے اسلام کے دشمن ہیں، انکی دشمنی عیاں ہے، اسرائیل غزہ اور جنوبی لبنان سے بھاگ رہا ہے، فلسطین کا مسئلہ اسلام کا مسئلہ ہے، ایران فلسطینیوں کے ساتھ کھڑا ہے، ہر مدد کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ ایرانی سفیر نے کہا کہ فتح ہمیشہ حق کی ہوتی ہے، طوفان الاقصیٰ کے بعد یورپی ممالک کے سفراء اسرائیل کا دورہ کر رہے ہیں، اس کا مطلب ہے کہ اب اسرائیل ختم ہونے والا ہے، امریکی اور یورپی عوام فلسطینیوں کے حق میں نکل آئے ہیں جبکہ وہاں کے حکمران اسرائیل کا ساتھ دے رہے ہیں۔

بقیہ 9

اردگان اور ترکیہ عوام کو جمہوریہ کے قیام کے 100 سال مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ آج ہم مختلف شعبوں میں ترکیہ کی بھرپور کامیابیوں اور ترقی کی خوشیاں منا رہے ہیں، ہم نے دیکھا کہ ان 100 برس کے دوران ترکیہ کے ہمارے بھائی، بہنیں کئی آزمائشوں اور امتحانوں سے گزرے، بڑے بڑے بحران انہیں آگے بڑھنے سے روک نہیں سکے اور ان کے پختہ عزم نے مشکلات کو مواقع میں بدل دیا۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ عالمی سطح پر شدید اضطرابی ماحول میں بالخصوص جمہوری وخوش حال ترکیہ خطے اور اسلامی دنیا کے استحکام کا اہم سبب ہے، مشترک تاریخ وعقیدے پر مبنی ہمارا بھائی چارہ واضح کرتا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ ایک قوم ہیں جو دو ریاستوں میں آباد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید ترکیہ کے بانی کمال اتاترک سے لے کر صدر رجب طیب اردگان تک ترقی کے لئے ''خون، پسینہ اور اشک'' بہانے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، آنے والے 100 سال پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بھائی چارے، دوستی اور شراکت داری کی عظیم مثال بنیں گے۔

بقیہ 10

کوشش کی تھی مگر، وہی میاں نواز شریف آج بھی ایک حقیقی پاکستانی سیاست کے افق پر موجود ہے اور مٹانے والے خود منظر سے غائب ہو چکے ہیں، قائد مسلم لیگ (ن) کیلئے پورے ملک کی عوام کا یوں امنڈ آنا مخالفین سے ہضم نہیں ہو رہا۔ انہوں نے اسلام آباد کے لیگی عہدیداران و کارکنان اور اپنے دوستوں کو قائد مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف کے شاندار استقبال کیلئے لاہور پہنچنے پر دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اور ان کے جذبے کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پورے ملک سمیت خصوصاً "فیڈرل کیپٹل اسلام آباد سے اتنے بڑے قافلے کے ساتھ سابق وزیر اعظم و قائد مسلم لیگ (ن) کے استقبال کیلئے جانے والے تمام کارکنان مبارکباد کے مستحق ہیں اور میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ آنے والا دور انشاء اللہ مسلم لیگ (ن) کا ہے اور خصوصاً" اسلام آباد مسلم لیگ (ن) کا قلعہ ثابت ہوگا۔

بقیہ 11

لائن میں ہنگامی صورت حال کی وجہ سے کئی روز سے پروازیں منسوخ تھیں، منسوخی کی وجہ سے سینکڑوں ملکی، غیر ملکی سیاہ سکردو اور گلگت میں پھنسے ہوئے ہیں۔ بیرون ملک سے آئے ہوئے غیر ملکی سیاحوں کی انٹرنیشنل پروازیں بھی متاثر ہو رہی ہیں، گلگت اور سکردو کی پروازیں پھنسے مسافروں کو واپس اسلام آباد لائیں گی۔

بقیہ 12

اوکاڑہ، ساہیوال، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور حافظ آباد میں ڈینگی کا ایک ایک نیا مریض سامنے آیا۔

بقیہ 13

ملک دشمن عناصر کے آلہ کار نہیں بنے، ہمیشہ ملک وقوم سے وفاداری نبھائی۔ انہوں نے کہا کہ قائد نواز شریف نے ہر دور میں استحکام پاکستان کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کیا، پاکستان میں میٹرو بس، میٹرو اور نج ٹرین، سڑکیں، سی پیک جیسے میگا پروجیکٹ اور موٹرویز کے جال بچھائے اور آئندہ بھی مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف کی قیادت میں عام آدمی کی معیاری زندگی بلند کرنے اور مہنگائی کا زور توڑنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی

بقیہ 14

وائس پریذیڈنٹ راجہ عبد الجبار بھٹی نے بڑی خوبصورتی سے پروگرام کنڈکٹ کیا، برجستہ شعر و شاعری اور فقروں پر شرکا سے خوب داد وصول کی، مبلغ اسلام و جنرل سیکرٹری اہل سنت والجماعت برطانیہ قاضی عبدالعزیز چشتی نے خصوصی مہمان کی حیثیت سے شرکت کی اور زم زم گارڈن کے فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کیا، عبدالجبار بھٹی نے کہا کہ آج تمام دوستوں کے یہاں اکٹھے ہونے کا مقصد اپنے دوست، اپنے بھائی ملک محمد رؤف کو این پی پی میں انکی 34 سالہ خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرنا ہے، قاضی عبدالعزیز نے اپنے خطاب میں پیغام محبت دیتے ہوئے کہا کہ یہ ملک خدا کی خصوصی نعمت ہے اور ہمارا علاقہ دنیا کا بہترین خطہ ہے ہم وطن سے دور بیٹھ کی اسکی سلامتی کے لیے ہمیشہ دعا گو رہتے ہیں، دولت علی راجہ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ آج اتنے لائق احترام اور خوبصورت لوگ زم زم گارڈن تشریف لائے، ریٹائر ہونے والے دوست ہمیشہ ہمارے دلوں میں رہیں گے، اس موقع پر تقریب کے دولہا ملک محمد رؤف نے کہا کہ آج دوستوں نے جس محبت سے میرے اعزاز میں خوبصورت تقریب سجائی وہ میرا قیمتی اثاثہ ہے انہوں نے کہا کہ بابا فضل کلیامی کی خدا دوستی کے باعث اس خطہ کو جو ترقی وخوشحالی حاصل ہوئی، مجھ پر بھی خدا نے خصوصی کرم کیا، دولت علی راجہ، انکے بیٹوں برادر اکبر راجہ بشارت، برادر اصغر حاجی ذوالفقار عادل مارٹ اور عالمگیر فوڈز کے اونر حاجی اورنگزیب، بنک افسران چوہدری وحید، حبیب کاظمی، محمد منیر قریشی، زبیر یوسف قریشی حاجی حفیظ الرحمٰن راجہ حامد اکرام، راجہ آصف راجہ اسد، شکیل احمد، چوہدری عمران راجہ قیصر و دیگر نے ملک محمد رؤف کا استقبال کیا اور یادگاری تحائف پیش کیے۔ مرزا احسن وفاقی جوائنٹ سیکریٹری نے بطور خاص شرکت کی، دیگر مہمانان گرامی میں ملک محمد پرویز، پھوہار پریس کلب کے سابق صدر احمد نواز کھوکھر ممتاز دانشور وانکر پرسن سید منتظر امام رضوی ممتاز علمی وادبی شخصیت راجہ جہانگیر اختر بھٹی، دھمہ کی معروف سماجی شخصیت چوہدری شبیر انور و دیگر فیملی ممبران، سابق پرنسپل سرور شہید کالج پروفیسر فاروق منہاس ہیڈ ماسٹر رمضان قریشی ہیڈ ماسٹر مطلوب بھٹی، راجہ غلام جیلانی ملٹری اکاونٹس، نمبردار چوہدری غلام صابر، اسماعیل بھٹی، ضیافت بھٹی، راجہ نبیل کیانی، محمد جمیل، ماسٹر خضر، چوہدری شریز، سعید قریشی اور حیدر علی، زم زم گارڈن کی انتظامیہ راجہ نوید سہیل و دیگر نے محفل کو رونق بخشی۔ عادل مارٹ اور عالمگیر فوڈز کے اونر حاجی اورنگزیب نے کھانے کی اپنی ریسپی پیش کر کے کھانے کو یادگار بنا دیا۔ زم زم گارڈن کی اس خوبصورت شام کو یاد رکھا جائے،

بقیہ 15

آصف چوہدری اشتیاق احمد ایڈمن منیجر غریبوال سیمنٹ فیکٹری ملک اشرف سابق جنرل سیکرٹری یونین کونسل ورکر ملک خالد مرزا فاروق جنرل سیکرٹری مائنر یونین ڈاکٹر سرفراز عباس سوشل ورکر راجہ غلام صفدر سمیت ضلع بھر کے سیاسی وسماجی لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور ملک عبید اعوان کی بیٹی کو نیک تمناؤں اور ڈھیر ساری دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا

بقیہ 16

حضرت پیر سید قربان حسین شاہ بخاری نہ صرف دینی علوم ومعارف، شہریعت کے اسرار ورموز فلسفہ وحکمت اور تصوف وطریقت کے حقائق وخواص متصف ہوئے بلکہ بارگاہ ایزدی سے معرفت دین میں انہیں اس قدر مہارت وجامعیت سے نوازا گیا کہ یہ شرف وامتیاز کم ہی لوگوں کے حصے میں آیا ہے ان خیالات کا اظہار اخلاق احمد راجہ نے کرتے ہوئے مزید برآں کہا کہ آپ کے سالانہ عرس مبارک کی تقریبات ہر سال 29 اکتوبر کو حصال شریف میں منعقد کی جاتیں ہیں ولی کامل حضرت پیر سید قربان حسین شاہ بخاری کے سالانہ عرس مبارک کی چار روزہ تقریبات کا آغاز آج سے حصال شریف میں ہو رہا ہے عرس مبارک کی تقریبات میں مہمان خصوصی سابق وزیر اعظم و اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف ہوں گے ان کے علاوہ سابق پارلیمانی سیکرٹری راجہ جاوید اخلاص، سابق وزیر اعلیٰ کے پی کے پیر صابر شاہ خصوصی شرکت کریں گیں چار روزہ تقریبات میں خطہ پوٹھوہار کے معروف ثقافتی کھیل جشن نیزہ بازی کے دو روزہ مقابلے عرصہ گزشتہ 44 سال سے بلاتعطل منعقد کئے جا رہے ہیں نیزہ بازی کے کھیل میں پنجاب کے علاوہ کشمیر اور خیبر پختونخوا سے گھڑ سوار حصہ لیتے ہیں مقابلوں میں جیتنے والے گھڑ سواروں میں انعامات تقسیم کیے جاہیں گے عرس مبارک کے تیسرے روز علاقہ بھر سے عقیدت مند دربار شریف پر ڈالیاں لائیں گے اور یکم نومبر کو دن گیارہ بجے گدی نشین حضرت پیر سید محمود شاہ بخاری اختتامی دعا فرمائیں گے

بقیہ 17

سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 18

سوال پر کہا کہ پی ٹی آئی چھوڑنے والوں سے بات نہیں ہوتی لیکن ان سب نے اپنی سیاست ختم کر لی۔ اسد قیصر کا کہنا تھا کہ ایک بات سب لوگ سمجھ لیں ہم کسی سے انتخابی الحاق کا ارادہ نہیں رکھتے، پی ٹی آئی ملک کی مقبول جماعت ہے تو پھر ہمیں کسی سے الحاق کی کیا ضرورت ہے۔ سربراہ پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے کہا کہ فضل الرحمان ہمارے سیاسی حریف ہیں اور ان سے انتخابات میں بھرپور مقابلہ ہوگا اور ہم انتخابات میں جمعیت علمائے اسلام کو شکست دے کر اسکی جگہ پر لائیں گے۔ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ مولانا کی طرف جانے کے فیصلے کو پارٹی قیادت کی تائید حاصل تھی، دوسری جماعتوں سے ملاقات سے متعلق ہم نے سفارشات چیئرمین کو دیدی ہیں۔ اسد قیصر نے بتایا کہ دوسری جماعتوں سے ملاقات میں ہمارا ون پوائنٹ ایجنڈا شفاف و آزادانہ انتخابات ہوگا اور ملاقاتیں پارٹی چیئرمین اور کور کمیٹی کی منظوری سے مشروط ہیں

بقیہ 19

ایشیا، آسٹریلیا، امریکا، افریقہ اور اٹلانٹک کے ممالک میں کیا گیا، پہلا چاند گرہن رواں سال 5 اور 6 مئی کی درمیانی شب ہوا تھا۔

بقیہ 20

آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 21

کیے گئے رہنماؤں نے نیا پاکستان بنانے کے خواب کی تکمیل کے لیے انتھک محنت کی لیکن ایسا نہیں کر سکے کیونکہ پی ٹی آئی نے اقتدار سنبھالنے کے بعد آہستہ آہستہ اپنی اصل ٹیم کو تبدیل کر دیا اور پارٹی وژن سے ناواقف افراد نے قیادت سنبھال لی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو معاشی بہتری لانے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، صنعتوں کو فروغ دینے اور پاکستان کے ہر شعبے میں تبدیلی کے لیے جامع منصوبہ کے ساتھ منظم کیا گیا تھا لیکن افسوس کہ پارٹی ایسے افراد کے ہاتھوں میں چلی گئی جن کو ملک کی اصل میں کوئی فکر نہیں تھی۔ جہانگیر ترین نے کہا کہ اب استحکام پاکستان پارٹی کے اراکین ملک کو عالمی سطح پر ترقی یافتہ بنانے کا خواب پورا کریں گے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ آئی پی پی پی پیار محبت پر یقین رکھتی ہے، ہم اپوزیشن جماعتوں کو دشمن نہیں سمجھتے، وہ ہمارے ہم وطن ہیں۔ یہ جلسہ پارٹی کے ان سات جلسوں کا پہلا عوامی اجتماع تھا جس کا پارٹی نے صوبے کے مختلف شہروں میں انعقاد کا منصوبہ بنایا ہے۔ جلسے کا انعقاد ایک کرکٹ اسٹیڈیم میں کیا گیا تھا جہاں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے، قانون نافذ کرنے والے 700 اہلکار تعینات کیے گئے تھے، واک تھرو گیٹس بھی نصب کیے گئے تھے۔ ان کے خطاب کے بعد آئی پی پی کے صدر علیم خان نے پارٹی کے منشور کے اہم وعدوں کا تفصیلی ذکر کیا جن میں غیر ہنر مند مزدوروں کی کم از کم اجرت 50 ہزار روپے، ماہانہ 300 یونٹ تک استعمال کرنے والے گھروں کے لیے مفت بجلی، نوجوان کاروباری افراد کے لیے بلاسود کاروباری قرضے اور کچی آبادیوں میں رہنے والے لوگوں کے لیے مالکانہ حقوق شامل ہیں۔ انہوں نے موٹر سائیکل سواروں کے لیے آدھی قیمت پر پیٹرول، سستی رہائش، اور واٹر فلٹریشن پلانٹس کے قیام کے لیے پارٹی کے عزم پر زور دیا۔ ہم جنوبی پنجاب کے پسماندہ علاقوں کے ہسپتالوں کو اسلام آباد کے ہسپتالوں کی ترقی دینا چاہتے ہیں، ہمارا منشور خواتین کی سماجی آزادی کے گرد گھومتا ہے۔ انہوں نے تین بڑی سیاسی جماعتوں کی ماضی کی حکومتوں پر بھی تنقید کی اور کہا کہ وہ کوئی بڑی مثبت تبدیلی لانے میں ناکام رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو پنجاب میں سات، پیپلز پارٹی کو سندھ میں چھ اور پی ٹی آئی کو کے پی میں 2 مرتبہ حکومتیں ملیں لیکن یہ سب جماعتیں عوام کی زندگیوں کو بہتر بنانے میں ناکام رہیں۔

بقیہ 22

ترسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے تھانہ اللہ پولیس کی ٹیم نے مذکورہ کیس کے تانے بانے حل کرنے کے بعد قتل میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا تھانہ اللہ پولیس نے قتل کے جرم میں جن چار ملزمان کو گرفتار کیا ان کے نام لال خان، محمد اسلم، ذاکرہ بی بی اور رسولاں بی بی شامل ملزمان نے 10 یوم قبل فائرنگ کر کے رحمان رسول اور سعیہ رانی خاتون کو قتل کیا تھا ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کی میڈیا سے گفتگو میں ایس ایچ او اللہ رانا لطیف کی کارکردگی کو ایک انتہائی شاندار قرار دیتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا گیا

بقیہ 23

کے ممبران سے اکٹھے کئے جائیں گے۔ اس موقع پر کمشنر محمد اجمل بھٹی نے کہا کہ مساجد کی تعمیرات میں حصہ ڈالنے والوں کا اللہ کے حضور بہت بڑا مقام ہے۔ جو شخص مسجد میں ایک اینٹ بھی لگاتا ہے اس کے اجر وثواب کا کوئی حساب نہیں۔ انہوں نیکہا کہ اللہ کے گھر کی تعمیر کرنے والوں کو اللہ رب العزت دنیا وآخرت میں نوازدیتا ہے۔

بقیہ 24

سے تفتیش کی، مختلف سوالات پوچھنے کے بعد ٹیم جیل سے واپس چلی گئی۔

بقیہ 25

نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے طلباء ماریہ مقبول اور عائشہ محمد یاسین مغل کی تحقیق کے مطابق بھی اسکن بیماری کے متعلق ایک اور اہم علامات یہ ہے کہ جانوروں کے بال جھڑنے شروع ہو جاتے ہیں اور وہ اکثر جلدی جلدی کرنا شروع ہو جاتے ہیں۔ کمزوری اور لاغری اس بیماری کی ایک اور علامت ہے اور وہ کھانے پینے میں دلچسپی نہیں رکھتے۔ بیماری کی وجہ سے بہت کمزور ہو جاتے ہیں۔ ایک جانور جو بھی اسکن بیمار ہوتا ہے اس سے مل کر دوسرے جانوروں کو بیماری کا پھیلاؤ پہنچتا ہے۔ ماریہ مقبول اور عائشہ محمد یاسین کے مطابق بھی اسکن بیماری کیخلاف عوامی آگاہی انتہائی اہم ہوتی ہے۔ اس حوالے سے روزانہ جانوروں کی باقاعدہ دیکھ بھال ہونی چاہئے۔ کسی جانور پر بیماری کا شک بھی ہو تو فوراً ویٹرنری ڈاکٹر سے رابطہ کیا جانا چاہئے۔ ایسے جانوروں کو دوسرے صحتمند جانوروں سے دور رکھنا چاہئے۔ اگر بھی اسکن کی بیماری کیخلاف مدافعتی ویکسین ملے تو ضرور لگوانی چاہئے۔ اپنے علاقے کے لوگوں کو بیماری بارے آگاہی اور تعلیم فراہم کریں تاکہ وہ اس کا سامنا کرنے کیلئے مستعد رہیں۔ بھی اسکن بیماری اہم اور خطرناک ہوتی ہے جو ماحول کیلئے بھی خطرے کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ عوامی آگاہی اور درست تدابیر کے ذریعے اس بیماری کا پھیلاؤ روکا جا سکتا ہے۔ محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت حکام اپنے طلباء وطالبات اور ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل سٹاف اور نرسز وغیرہ کو بھی اس حوالے سے ٹرینڈ کر سکتے ہیں تاکہ وہ معاشرے کی بہتر طور پر خدمت کریں اور معاشرہ صحتمند ہو سکے۔ حکومت کو بھی بیماری کے خاتمہ کیلئے اقدامات کرنے چاہئیں۔

بقیہ 26

کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی حکومت کی اولین ترجیح ہے تاکہ کاشتکار ربیع 2023-24 کے دوران گندم کی بھرپور پیداوار حاصل کر سکیں۔ انہوں نے محکمہ زراعت کو مارکیٹ میں معیاری زرعی مداخل کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے فوری اقدامات کا حکم دیا اور واضح کیا کہ غیر معیاری زرعی مداخل فروخت کرنے والے اور بلیک مارکیٹنگ میں ملوث افراد کے خلاف فوری کاروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ کاشتکاروں کو معاشی استحصال سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے کاشتکاروں کو کھاد، پانی کو وافر مقدار میں فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کپاس کے اہداف کے سو فیصد سے زائد حاصل ہونے پر کاشتکاروں اور زراعت افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے اسی جذبہ سے گندم کی پیداوار کا ہدف حاصل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اب تک چاروں اضلاع میں 25 ہزار ایکڑ پر گندم کی بوائی مکمل ہو چکی ہے جبکہ 32 ہزار بیگ بیج کاشتکاروں کو فراہم کیے گئے ہیں۔ بتایا گیا کہ محکمہ زراعت کے ماہرین کی 64 ٹیمیں ایک ہزار 329 دیہاتوں میں جا کر کاشتکاروں کو گندم کی بوائی سے متعلق آگاہی دے رہی ہیں۔ امسال ڈیوڑن بھر ایک ہزار 45 نمائشی پلاٹس کے مقابلہ کروائے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ چاروں اضلاع میں کینولہ فصل کا ایک لاکھ 25 ہزار ایکڑ ٹارگٹ مقرر کیا گیا ہے جبکہ اب تک 70 ہزار ایکڑ پر کاشت مکمل ہو چکی ہے۔

بقیہ 27

کے اجلاس میں مجرمانہ کارروائیوں کی روک تھام کیلئے ایک ایک نیا مریض سامنے آیا۔

بقیہ 28

انکوائری رپورٹ پر مزید کاروائی عمل میں لائی جائے اس حوالہ سے حکام کا کہنا کہ بجلی چوروں کے خلاف جاری مہم میں محکمہ کی کالی بھیڑوں کا بھی محاسبہ کیا جا رہا ہے جن کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 29

کرنے سے بھی گریز نہیں کرے گی۔ انہوں نے قادیانیت کی سازشوں کو بے نقاب کرنے پر بانی مجماعت سید مودودی اور دیگر علما اکرام کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اسرائیلی ظلم کو امریکا کی سو فیصد حمایت حاصل ہے، واشنگٹن اسے تھپکی دے رہا ہے اور مسلسل اسلحہ بھی پہنچا رہا ہے۔ اسرائیلی مظالم کو حاصل امریکی سرپرستی کے خلاف جماعت اسلامی 29 اکتوبر کو اسلام آباد میں امریکی سفارت خانہ کے سامنے غزہ مارچ کرے گی، قوم سے بھرپور شرکت کی اپیل ہے۔ سراج الحق نے اسرائیلی مظالم بے نقاب کرنے پر اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری انتونیو گوتریس کی تحسین کی۔ انھوں نے کہا کہ یو این سیکرٹری جنرل نے اسرائیلی افواج کی جانب سے کئی دہائیوں سے فلسطین کے محاصرے پر کھل کر اظہار کیا ہے، عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ حق کا ساتھ دے۔ فلسطینیوں کے پاس جدوجہد اور مزاحمت کے علاوہ اور کوئی راستہ نہ تھا، اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے جس نے گزشتہ سات دہائیوں سے لاکھوں فلسطینیوں کو دربدر کیا، بچوں اور خواتین کا قتل عام کیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ اسرائیل کے توسیع پسندانہ عزائم کو نہ روکا گیا تو اس سے پوری دنیا کا امن خطرے میں پڑ جائے گا۔ پونے دو ارب مسلمان بے چین ہیں، اسلامی ممالک کے حکمران امت کے جذبات کی حقیقی ترجمانی کریں، متحد ہو کر اسرائیل کے خلاف عملی اقدامات کیے جائیں، بیانات اور قراردادوں سے فلسطین آزاد ہوگا نہ وہاں مظالم رکیں گے۔ انھوں نے کہا کہ عالمی برادری غزہ میں فی الفور جنگ بندی کرائے، وہاں خوراک اور ادویات بھیجی جائیں۔ امیر جماعت نے حکومت کی جانب سے گیس کی قیمتوں میں 193 فیصد اضافہ کو عوام پر ظلم کی انتہا قرار دیتے ہوئے اس کی فوری واپسی کا م

کمرشل نقشہ جات میونسپل کارپوریشن کو فراہم کرنے کی ڈیڈ لائن میں توسیع

ایسے دکاندار جن کے پاس نقشہ جات موجود ہیں ان کی کاپی فوری ایم سی دفتر جمع کروائیں جبکہ دیگر نقشہ جات کا عمل جلد از جلد مکمل کریں

تمام بازاروں میں فٹ پاتھ ہر صورت واگزار کروائے جائیں گے، کمشنر/چیئرمین میونسپل کارپوریشن محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت اجلاس

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر/چیئرمین میونسپل کارپوریشن محمد اجمل بھٹی نے تاجر راہنماؤں کی استدعا پر کمرشل نقشہ جات میونسپل کارپوریشن کو فراہم کرنے کی ڈیڈ لائن میں توسیع کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے دکاندار جن کے پاس نقشہ جات موجود ہیں ان کی کاپی فوری ایم سی دفتر جمع کروائیں جبکہ دیگر نقشہ جات کا عمل جلد از جلد مکمل کریں۔ کمشنر سے شہر کے مختلف بازاروں کے صدور نے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور ایم سی کی جانب سے دکانوں کے نقشہ جات کی چیکنگ کی مدت میں توسیع کی استدعا کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن طارق پردیا اور ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل رانا شاہد عمران بھی موجود تھے۔ کمشنر نے تاجروں پر واضح کیا کہ سرکاری ایک انچ زمین پر کسی کو قبضہ نہیں کرنے دیا جائیگا اور اسی طرح نقشہ کی منظوری کے بغیر کمرشل تعمیرات کرنے والوں (بقیہ نمبر 1)

سرگودھا، کمشنر/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن محمد اجمل بھٹی اور ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی مختلف بازاروں کے صدور سے ملاقات کر رہے ہیں

5 نومبر کو سندھی ہاری تحریک کے جلسے کی تیاریاں جاری

سندھ کی زمینیں سندھی بے زمین کسانوں میں تقسیم کی جائیں، مطالبہ

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) 5 نومبر کو سندھی ہاری تحریک کی جانب سے جلسے کی تیاریاں زور وشور سے جاری، سندھ کی زمینیں سندھی بے زمین کسانوں میں تقسیم کی جائیں اور افغان، برمی مہاجرین سمیت تمام غیر ملکیوں کو ملک بدر کیا جائے۔ رہنماؤں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ضلعی تیاری کمیٹی کا اجلاس سندھی ہاری تحریک کے مرکزی صدر ڈاکٹر دلدار لغاری کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں عوامی تحریک کے ضلعی صدر امیر بخش جروار ایاز (بقیہ نمبر 2)

سعود آباد میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ، چار ڈاکو ہلاک

کراچی (آئی آئی پی) کراچی کے علاقے سعود آباد میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ ہوا، جس میں چار ڈاکو مارے گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے میں ایک پولیس اہلکار سمیت دو شہری بھی زخمی ہوئے، ملزمان دن دیہاڑے شہریوں سے لوٹ مار کرتے تھے۔ پولیس نے کہا کہ ملزمان سے اسلحہ، موبائل فونز اور 2 موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئی ہیں، مقابلے میں ہلاک ڈاکوؤں کی لاشیں جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

دیرینہ دشمنی تلخ کلامی پر واقعات میں تین افراد کو قتل کر دیا گیا

پولیس نے مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کر دیں

سرگودھا (این این آئی) دیرینہ دشمنی تلخ کلامی پر واقعات میں تین افراد کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس نے مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کر دیں اور شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا کے چک 83 جنوبی میں سودا سلف کی خرید پر تلخ کلامی کی رنجش میں دو دکاندار نے ساتھیوں کے ہمراہ 20 سالہ نوجوان گاہک سرفراز کو اغواء کر کے مقوی کے ناخن، اکھیڑ کر ہتھوڑے سے تشدد کا نشانہ بنا ڈالا جو ہسپتال (بقیہ نمبر 3)

اسرائیل غزہ میں معصوم فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے، جمعیت علماء اہل حدیث

اسلام آباد / راولپنڈی (این این آئی) اسرائیل غزہ میں معصوم فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے، اسرائیلی بمباری کے دوران غزہ کا دنیا سے رابطہ منقطع ہو چکا ہے، اسرائیل غزہ کا بلیک آؤٹ کر کے فلسطینیوں پر اپنے وحشیانہ مظالم کو چھپا رہا ہے، امریکہ اور اسرائیل دنیا کا امن تباہ اور انسانی نسل کشی کی پالیسی پر گامزن ہیں، غزہ تا کشمیر مسلمانوں پر مظالم کی ایک جیسی داستان ہے، اقوام متحدہ سمیت انسانی حقوق کے ادارے منافقانہ خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اہل حدیث کے چیئرمین علامہ قاضی (بقیہ نمبر 5)

یونیورسٹی اساتذہ کا کل ایچ ای سی کے سامنے دھرنا دینے کا اعلان

دھرنا بی پی ایس ٹیچرز کی پروموشن پالیسی کے نوٹیفکیشن کے اجراء تک جاری رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) آل پاکستان پبلک یونیورسٹیز بی پی ایس ٹیچرز ایسوسی ایشن (اپوٹا) نے اپنے مطالبات کی منظوری کیلئے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ہیڈ آفس کے سامنے احتجاجی دھرنے کی تیاریاں مکمل کر لیں، احتجاجی دھرنا (کل) 31 اکتوبر کو شروع ہوگا اور اپوٹا کے یک نکاتی مطالبے کی حتمی منظوری تک جاری رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان بھر کی سرکاری جامعات کی واحد رجسٹرڈ اور براہ راست منتخب تنظیم اپوٹا نے اپنے مطالبات کی حتمی منظوری تک ایچ ای سی ہیڈ آفس کے سامنے احتجاجی دھرنا دینے کی تیاریاں مکمل کر لی ہیں، احتجاجی دھرنے میں اسلام آباد، پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، آزاد کشمیر اور (بقیہ نمبر 4)

جی ٹی روڈ پر ٹریفک قوانین کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں

مقامی انتظامیہ نے آنکھیں موند لیں

جی ٹی روڈ پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیاں عروج پر

خونی یوٹرن پر رانگ سائیڈ گاڑیوں کی کراسنگ کا معاملہ متعدد بار توجہ مبذول کروانے کے باوجود متعلقہ ادارے ٹس سے مس نہیں

ماضی میں کہیں گھروں کے چراغ بجھ گئے مستقبل میں کوئی جان لیوا حادثہ ہوا تو انتظامیہ سمیت متعلقہ ادارے ذمہ دار ہوں گے شہری حلقے

گوجر خان (قمر شہزاد) لاوارث شہر گوجر خان کا کوئی پرسان حال نہیں شہر مسائل کی آماجگاہ بن گیا مگر اداروں کی من مانیاں عروج پر شہر کا چیک اینڈ بیلنس رکھنے والے بھی آنکھیں موندے ہوئے ہیں جبکہ سیاسی پارٹیوں کے عوامی نمائندے بھی خاموش تماشائی کا کردار نبھانے میں مصروف عوامی مسائل کی کسی کو پرواہ نہیں جس بنا پر اداروں کی عملی کارکردگی بھی صفر ہے، جی ٹی روڈ پر شہری حدود اور (بقیہ نمبر 6)

بعض اہلکار وفاقی پولیس کی بدنامی کا باعث بننے لگے

عوام تو عوام صحافیوں کے ساتھ بھی پٹواری پولیس کا ناروا سلوک وطیرہ بن گیا

اپنی مرضی کی خبریں نہ لگائے جانے پر صحافیوں کو بھی دھمکانے لگی، نوٹس کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) وفاقی پولیس کا دوہرا معیار، کوالٹی سے زیادہ کوانٹٹی پر زور دیا جانے لگا۔ وفاقی پولیس کا مہذب ہونے کا تاثر تیزی سے ماند پڑنے لگا۔ بعض اہلکار کالی بھیڑیں بن کر بدنامی کا باعث بننے لگے جن کا احتساب نہ کیا گیا تو وہ بڑے ڈان اور مافیا کا روپ دھار جائینگے۔ عوامی حلقوں کے مطابق جتنا بڑا کیس اتنا ہی بڑا ریٹ لگایا جانے لگا جس سے عوام رُل کے رہ گئے۔ اُن کا کہنا ہے کہ محکمہ پولیس سے انصاف اور اچھے کی اُمید رکھنا یا اس بارے سوچنا بھی گناہ ہے۔ تھانہ جات میں اہلکار درخواست لیکر جائیں (بقیہ نمبر 7)

بکر منڈی سے 40 من بیمار، مردہ جانوروں کا گوشت برآمد

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مردہ گوشت کے بیوپاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مردہ گوشت کے دھندے میں ملوث بیوپاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے بکر منڈی لاہور سے 40 من بیمار اور مردہ جانوروں کا گوشت برآمد کر لیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجا جہانگیر انور نے کہا کہ ناقص گوشت ضبط کر کے تلف کر دیا گیا، گوشت سپلائی کے لئے تیار کیا جا رہا تھا۔ راجا جہانگیر انور نے کہا کہ مضر صحت گوشت کو گندے فرش پر رکھا گیا تھا۔

تجربات کرنیوالے اب تاریخ کا حصہ بن گئے، فرح ناز اکبر

نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر فرح ناز اکبر نے کہا ہے کہ مینار پاکستان میں قائد میاں نواز شریف کے جلسے میں مستقبل کا سیاسی منظر نامہ مکمل طور پر واضح کر دیا ہے، 2017ء میں جس میاں نواز شریف کو ہٹا کر ایک نااہل شخص کو مسیحا بنا کر ملک وقوم پر مسلط کر دیا گیا تھا اور سابق وزیر اعظم کو میڈیا کیلئے شجر ممنوع قرار دے کر اسے حرف غلط کی طرح مٹانے کی بھرپور (بقیہ نمبر 10)

ایک خاتون موٹر سائیکل پر اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

9 مئی کا سانحہ ملک دشمن سازش سے کم نہیں، جمشید اختر شیخ

ملوث کرداروں کو سزا سے بچانے کیلئے ملکی مفاد کو داؤ پر نہیں لگایا جا سکتا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی مجلس عاملہ کے رکن و مسلم لیگ (ن) ٹریڈرز ونگ اسلام آباد کے صدر جمشید اختر شیخ نے کہا ہے کہ نیا پاکستان کا نعرہ لگانے والے پی ٹی آئی چیئرمین کی سربراہی میں 9 مئی کا سانحہ ملک دشمن سازش سے کم نہیں تھا، انہوں نے 9 مئی کو اپنی سیاست دفن کر دی تھی، ان کو سزا سے بچانے کیلئے ملکی مفاد کو داؤ پر نہیں لگایا جا سکتا، جو فرد ملک کا ہمدرد نہیں ملک کا قانون بھی اس کا ہمدرد نہیں بن سکتا، ملکی سالمیت سے آگے نہ کوئی فرد ہے اور نہ ہی اس پہ لگنے والی فرد جرم، قائد نواز شریف نے اپنے، فیملی و پارٹی لیڈران و کارکنان کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کے باوجود (بقیہ نمبر 13)

پی ٹی آئی نے اقتدار سنبھالنے کے بعد اپنی اصل ٹیم کو تبدیل کر دیا

عمران خان نے وزیر اعظم بننے کے بعد مجھے اور پارٹی کے دیگر رہنماؤں کو سائیڈ لائن کر دیا گیا تھا، جہانگیر خان ترین

مسلم لیگ (ن) کو پنجاب میں سات، پیپلز پارٹی کو سندھ میں چھ اور پی ٹی آئی کو کے پی میں 2 مرتبہ حکومتیں ملیں لیکن ناکام رہیں

جہانیاں (آئی آئی پی) استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی) نے اپنے پہلی جلسے کے انعقاد کے دوران مفاہمتی لہجہ اپناتے ہوئے معاشی وسماجی اصلاحات سے متعلق اپنے منشور کا اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پنجاب کے ضلع خانیوال کی تحصیل جہانیاں میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے سابق اہم رہنما اور آئی پی پی کے سرپرست اعلیٰ جہانگیر خان ترین نے کہا کہ پی ٹی آئی کے سربراہ عمران خان نے وزیر اعظم بننے کے بعد مجھے اور پارٹی کے دیگر رہنماؤں کو سائیڈ لائن کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ان سائیڈ لائن (بقیہ نمبر 20)

مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما حمزہ شہباز سے صوبائی جنرل سیکرٹری سید ال خان ناصر ملاقات کر رہے ہیں

اسسٹنٹ وائس پریزیڈنٹ ملک محمد رؤف کی ریٹائرمنٹ پر تقریب

نیشنل بنک کے افسران، سٹاف سول سوسائٹی بیوروکریسی، صحافی برادری کی کثیر تعداد میں شرکت

گوجر خان (قمر شہزاد) نیشنل بنک آف پاکستان کے وائس پریزیڈنٹ دولت علی راجہ کے خوبصورت فارم ہاؤس زم زم گارڈن مرید پھاٹک مندرہ چکوال روڈ پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جو اسسٹنٹ وائس پریزیڈنٹ ملک محمد رؤف کی ریٹائرمنٹ پر انکے اعزاز میں منعقد کی گئی، تقریب میں این بی پی کے افسران و سٹاف کے علاوہ سول سوسائٹی بیوروکریسی صحافیوں اور معززین نے شرکت کر کے تقریب کو چار چاند لگا دیے پروگرام آرگنائزر محمد منیر قریشی کے بہترین انتظام و انصرام کو بے حد سراہا گیا، این بی پی کے (بقیہ نمبر 14)

ملک عبید اعوان کی بیٹی کی رخصتی تقریب حویلی میرج ہال میں خیر و عافیت سرانجام پائی

شادی کی تقریب میں ضلع بھر کے سیاسی وسماجی افراد کی کثیر تعداد میں شرکت

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ن کھیوڑہ کے رہنما ملک عبید انوار اعوان کی بیٹی کی شادی کی تقریب حویلی میرج ہال خان میں خیر و عافیت سے سرانجام پائی شادی کی تقریب میں پیر طریقت رہبر شریعت پیر سید وصف شاہ۔ پیر سید احمد شاہ۔ مسلم لیگ ن کے رہنما سید طیب شیرازی سابق تحصیل نائب ناظم پنڈ دادنخان چوہدری محمد اسماعیل جوتانہ۔ سابق چیئرمین کھیوڑہ ملک مصدق حسنین چوہدری طاہر گجر امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری محمد شاہد (بقیہ نمبر 15)

حضرت پیر سید قربان حسین شاہ بخاری کا سالانہ عرس مبارک

چار روزہ تقریبات کا آغاز آج سے حصال شریف میں شروع

تقریبات میں راجہ پرویز اشرف، راجہ جاوید اخلاص، پیر صابر شاہ کی شرکت

گوجر خان (قمر شہزاد) برصغیر پاک وہند میں اشاعت اسلام کے سلسلے میں صوفیاء کرام کی گراں قدر خدمات رہی ہیں صوفیاء کرام نے اسلام کو ہر طبقے اور گروہ میں روشناس کرایا کہیں اسلامی اخلاق کا مجسم نمونہ بن کر لوگوں کو اسلام کی دعوت دی کہیں سماجی اور رفاہی کاموں کے ذریعے لوگوں کے دل جیتے اور کہیں ہر ایک کے ساتھ مساویانہ برتاؤ کر کے پسماندہ لوگوں کو اپنا گرویدہ بنالیا خطہ پوٹھوہار کی دھرتی کی خوش نصیبی ہے کہ ولی کامل حضرت پیر سید قربان حسین شاہ بخاری کے جد امجد نے بلوٹ شریف ضلع اٹک سے ہجرت کی اور حصال شریف میں علم ومعرفت کی شمع روشن کی اشاعت اسلام کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے ولی کامل (بقیہ نمبر 16)

6 منشیات فروش گرفتار، قبضہ سے 6 کلو چرس برآمد

منشیات کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 6 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم علی خان سے 1 کلو 600 گرام چرس، جاتلی پولیس نے ملزم ندیم سے 1 کلو 500 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم طیب عباس سے 1 کلو 500 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم عارف سے 700 گرام چرس، ائیر پورٹ پولیس نے ملزم شہزاد سے 650 گرام چرس، سٹی پولیس نے ملزم بشیر سے 360 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

ڈی جی سپورٹس پنجاب ادکٹر آصف طفیل سائیکلنگ منی میراتھن گرلز اور بوائز کو انعامات دے رہے

راولپنڈی، شراب سپلائر و ناجائز اسلحہ رکھنے والے 6 گرفتار

قبضہ سے اسلحہ وایمونیشن اور 30 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ وایمونیشن اور 30 لیٹر شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے ملزم حارث سے رائفل 12 بور معہ ایمونیشن اور 20 لیٹر شراب، سٹی پولیس نے ملزم ارسلان سے 10 لیٹر شراب، پیرودھائی پولیس نے ملزم عابد سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم آصف سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، آر اے بازار پولیس نے ملزم ذیشان سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ شراب (بقیہ نمبر 17)

منشیات فروش راولپنڈی پولیس کی حراست میں

طوفان الاقصیٰ آپریشن سے اسرائیل کا غرور خاک میں مل گیا، ایرانی سفیر

اسلام آباد (اے ایف پی) ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے کہا کہ طوفان الاقصیٰ آپریشن سے اسرائیل کا غرور خاک میں مل گیا اب نیست و نابود ہو جائے گا۔ ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے آزادی فلسطین کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پورے عالم اسلام کے غیور عوام اسرائیلی ظلم وبربریت کے خلاف کھڑے ہیں، ہمیشہ فلسطینیوں کے لئے آواز اٹھائی، اسرائیل فلسطینیوں پر ظلم کر رہا (بقیہ نمبر 8)

شہباز شریف کی ترکیہ کے عوام کو جمہوریہ کے 100 سال مکمل ہونے پر مبارکباد

لاہور (اے ایف پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیر اعظم شہباز شریف نے ترکیہ کے عوام کو جمہوریہ کے قیام کے 100 سال مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ سابق وزیر اعظم شہباز شریف کا سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں کہا کہ اپنے بھائی رجب طیب (بقیہ نمبر 9)

گلگت، سکردو میں پھنسے سیاحوں کو نکالنے کیلئے پی آئی اے کی پروازیں بحال

گلگت (اے ایف پی) گلگت اور سکردو میں پھنسے سیاحوں کو نکالنے کے لیے قومی ایئر لائن (پی آئی اے) کی 6 پروازیں بحال ہو گئی ہیں۔ پی آئی اے فلائٹ شیڈول کے مطابق پروازیں پی کے 601 اور 605 مقررہ وقت پر گلگت روانہ ہوں گی۔ اسلام آباد سے سکردو کی پرواز پی کے 451 اور پی کے 452 بھی آپریٹ ہو رہی ہیں جبکہ گلگت سے اسلام آباد کی 2 پروازیں پی کے 602 اور پی کے 606 بھی شیڈول پر ہیں۔ قومی ایئر (بقیہ نمبر 11)

پنجاب میں 151 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق

لاہور (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران پنجاب بھر میں 151 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق ہو گئی۔ سیکرٹری صحت پنجاب علی جان خان کے مطابق رواں سال پنجاب کے 36 اضلاع میں ڈینگی کے 9049 کنفرم مریض رپورٹ ہوئے۔ لاہور میں گزشتہ روز 77 نئے مریض سامنے آئے، راولپنڈی میں 11، ملتان میں 22، گوجرانوالہ میں 17، فیصل آباد میں 5، شیخوپورہ میں 5، رحیم یار خان میں 3، ساہیوال، بہاولنگر میں ڈینگی کے 2،2، قصور، سرگودھا، نارووال، (بقیہ نمبر 12)

روان سال کا آخری چاند گرہن پاکستان سمیت دنیا بھر میں دیکھا گیا

پاکستان میں چاند کو جزوی گرہن لگا،، مجموعی دورانیہ 4 گھنٹے 24 منٹ رہا

لاہور (این این آئی) روان سال کا دوسرا اور آخری چاند گرہن ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب ہوا جس کا نظارہ پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں کیا گیا۔ پاکستان میں چاند کو جزوی گرہن لگا، چاند پر گرہن رات 11 بج کر دو منٹ پر لگنا شروع ہوا اور رات ایک بج کر 14 منٹ پر عروج پر پہنچا۔ چاند گرہن کا مجموعی دورانیہ 4 گھنٹے 24 منٹ رہا جو علی الصبح 3 بج کر 26 منٹ پر اختتام پذیر ہو گیا۔ چاند گرہن کا نظارہ پاکستان سمیت (بقیہ نمبر 18)

فضل الرحمان ہمارے سیاسی حریف ہیں، اسد قیصر

انتخابات میں بھرپور مقابلہ ہوگا اور شکست دے کر اس کی جگہ پر لائیں گے

اسلام آباد (آئی آئی پی) سربراہ پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی اسد قیصر کا کہنا ہے کہ فضل الرحمان ہمارے سیاسی حریف ہیں اور ان سے انتخابات میں بھرپور مقابلہ ہوگا اور شکست دے کر اس کی جگہ پر لائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق سربراہ پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی اسد قیصر نے نجی ٹی وی چینل کو خصوصی انٹرویو میں پی ٹی آئی چھوڑنے والوں کے حوالے سے (بقیہ نمبر 19)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

پی ٹی آئی وائرس سے پیدا ہونیوالی بیماری جانوروں کیلئے خطرناک ہے، ماہرین

جانوروں کی جلد پر دانے یا پھپھولے نمودار ہونا، بال جھڑنا، خوراک نہ کھانا بڑی علامات ہیں، ماریہ مقبول اور عائشہ محمد یاسین

وزیر پرائمری وسیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر پاکستان اکیڈمی آف فیملی فزیشنز کے زیر اہتمام 33 ویں فیملی کون کا افتتاح کر رہے ہیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) لمپی اسکن بیماری ایک وائرس کی بناء پر پیدا ہوتی ہے جو جانوروں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ یہ بیماری امواج کی صورت میں پھیلتی ہے اور جلدی امراض میں شامل ہوتی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ لمپی اسکن بیماری اکثر گاؤں میں پائی جاتی ہے جہاں حیوانوں کو زراعتی منافع کیلئے رکھا جاتا ہے۔ اس بیماری کی علامات کچھ دنوں میں ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ اس بیماری میں جلد پر دانے نمودار ہو جاتے ہیں جو جانور کی جلد پر چھوٹے دانے یا پھپھولے کی شکل میں پیدا ہوتے ہیں۔ ان دانوں کی طرف بڑھتے ہوئے زمیندار کو شکایت ملتی ہے کہ انکے جانور کو بیماری لگ گئی ہے۔ (بقیہ نمبر 25)

سرگودھا سرکل میں بجلی کے بلوں میں اور ریڈنگ کی شکایات، ایکسین اور ایس ڈی او معطل

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا سرکل میں بجلی کے بلوں میں اور ریڈنگ کی شکایات کے دوران علاقہ بھیرہ کے صارفین کو غلط ریڈنگ سے ہزاروں یونٹس کا ریلیف دینے پر ایکسین اور ایس ڈی او کو معطل کر کے تحقیقات کا حکم دے دیا گیا۔ سرگودھا سرکل میں بجلی کی بلوں کی اور میٹر ریڈنگ کر کے اور بلنگ کی شکایات میں روز بروز اضافہ کے دوران قصبہ بھیرہ کے صارفین کو غلط ریڈنگ سے ہزاروں یونٹس کا ریلیف دینے کے انکشافات پر فیسکو حکام نے ایکسین آپریشن بھلوال محمد اطہر اور ایس ڈی او آپریشن بھیرہ زاہد عثمان کو فوری طور پر معطل کر کے تحقیقات کا حکم دے دیا گیا۔ جس کی (بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی، ایمرجنسی ہیلپ لائن پر بوگس کال کرنیوالا گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم حماد نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے بتایا کہ اُس کی گاڑی چوری ہو گئی ہے، دریافت کرنے پر گاڑی چوری ہونا نہ پائی گئی بلکہ معاملہ لین دین کا پایا گیا، واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 15 پر بوگس کال کرنے والے ملزم حماد کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے کہا کہ 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس کا غلط استعمال ناقابل برداشت ہے، آپ کی ایک غلط کال کسی شہری کو ایمرجنسی سہولیات حاصل کرنے سے محروم کر سکتی ہے۔

پیرودھائی پولیس کی کارروائی، پرچی جواء کھیلنے والے 2 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پرچی جواء کھیلنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پرچی جواء کھیلنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان میں عاصم اور وقار شامل ہیں، ملزمان سے مختلف نمبروں کی پرچیاں اور چٹھہ برآمد۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

سرگودھا ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف مقرر

رواں سال 16 لاکھ 66 ہزار ایکٹر رقبہ گندم کے زیر کاشت لایا جا رہا ہے، کمشنر سرگودھا

سرگودھا (این این آئی) کمشنر سرگودھا ڈویژن نے بتایا کہ سرگودھا ڈویژن کے چاروں اضلاع میں رواں سال 16 لاکھ 66 ہزار ایکٹر رقبہ گندم کے زیر کاشت لایا جا رہا ہے جس پر فی ایکڑ 35.86 من پیداوار کا ہدف مقرر کیا گیا۔ اس لئے کاشتکار زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کریں تاکہ فوڈ سیکیورٹی کا حصول ممکن ہو سکے۔ زرائع کے مطابق کمشنر محمد اجمل بھٹی نے گندم اور تیل دار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے لیے قائم ڈویژنل کمیٹی (بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک، ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات کئے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی نے کہا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی، گرجا گھروں کے باہر پولیس افسران الرٹ کھڑے ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

امت کیلئے سب سے بڑا چیلنج غزہ میں اسرائیلی قتل عام روکنا ہے، سراج الحق

شہر پر 19 روز سے بارود کی بارش ہو رہی ہے، فلسطین کے بچے، مائیں، بہنیں، بیٹیاں پکار رہی ہیں

جنہیں صہیونی ظلم سے بچانا حضور سے محبت کا تقاضا ہے، افسوس کہ امت کے حکمران سو رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (آئی آئی پی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ امت کے لیے سب سے بڑا چیلنج غزہ میں اسرائیلی قتل عام روکنا ہے، شہر پر 19 روز سے بارود کی بارش ہو رہی ہے، فلسطین کے بچے، مائیں، بہنیں، بیٹیاں پکار رہی ہیں، جنہیں صہیونی ظلم سے بچانا حضور سے محبت کا تقاضا ہے۔ افسوس کہ امت کے حکمران سو رہے ہیں، منبر ومحراب کو مورچہ بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چناب نگر میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ امیر جماعت نے فتنہ قادیانیت کو دین کے خلاف عالمی سازش قرار دیا اور کہا کہ اسے امریکا، اسرائیل اور بھارتی تکون کی مکمل حمایت حاصل ہے۔ انہوں نے اس عہد کا اعادہ